۞ إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ ٱلسَّاعَةِ ۚ وَمَا تَخْرُجُ مِن ثَمَرَٰتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا
اس کی طرف | لوٹایا جاتا ہے | علم | قیامت کا | اور نہیں | نکلتا | میں سے | پھلوں | میں سے | اس کے غلافوں

وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَىٰ وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِۦ ۚ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ
اور نہیں | اٹھاتی | کوئی | مادہ | اور نہ | جنتی ہے | مگر | اس کے علم کے ساتھ | اور جس دن | وہ پکارے گا ان کو (پکار کر کہے گا) | کہاں ہیں

شُرَكَآءِى قَالُوٓا۟ ءَاذَنَّـٰكَ مَا مِنَّا مِن شَهِيدٍ ﴿٤٧﴾ وَضَلَّ عَنْهُم
میرے شریک | وہ کہیں گے | ہم عرض کرچکے ہیں آپ کو | نہیں ہم میں سے | کوئی | گواہ | ۴۱:۴۷ | اور گم ہوجائیں گے | ان سے

مَّا كَانُوا۟ يَدْعُونَ مِن قَبْلُ ۖ وَظَنُّوا۟ مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ ﴿٤٨﴾
جو | تھے وہ | پکارتے | اس سے | پہلے | اور وہ سمجھ لیں گے | نہیں | ان کے لئے | کوئی | چھٹکارہ - جائے پناہ | ۴۱:۴۸

لَّا يَسْـَٔمُ ٱلْإِنسَـٰنُ مِن دُعَآءِ ٱلْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ ٱلشَّرُّ فَيَـُٔوسٌ
نہیں تھکتا - اکتاتا | انسان | سے | دعا | بھلائی کی | اور اگر | چھوجاتا اس کو | شر | تو مایوس ہوجاتا

قَنُوطٌ ﴿٤٩﴾ وَلَئِنْ أَذَقْنَـٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ
بہت ناامید | ۴۱:۴۹ | اور البتہ اگر | چکھاتے ہیں ہم اس کو | کوئی رحمت | اپنی طرف سے | بعد | تکلیف کے | جو پہنچی تھی اس کو

لَيَقُولَنَّ هَـٰذَا لِى وَمَآ أَظُنُّ ٱلسَّاعَةَ قَآئِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَىٰ
البتہ ضرور کہتا ہے | یہ | میرے لیے ہے | اور نہیں | میں گمان کرتا | قیامت کو | قائم ہونے والی | اور البتہ اگر | میں لوٹایا گیا | طرف

رَبِّىٓ إِنَّ لِى عِندَهُۥ لَلْحُسْنَىٰ ۚ فَلَنُنَبِّئَنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِمَا عَمِلُوا۟
اپنے رب کے | یقینا | میرے لئے | اس کے پاس | البتہ بہتری ہے - بھلائی ہے | پس البتہ ہم ضرور آگاہ کریں گے - خبردیں گے | ان لوگوں کو | جنہوں نے کفر کیا | اس کے بارے میں | جو انہوں نے کام کیے

وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٥٠﴾ وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى ٱلْإِنسَـٰنِ
اور البتہ ہم ضرور چکھائیں گے ان کو | میں سے | عذاب | سخت | ۴۱:۵۰ | اور جب | انعام کرتے ہیں ہم | پر | انسان

أَعْرَضَ وَنَـَٔا بِجَانِبِهِۦ وَإِذَا مَسَّهُ ٱلشَّرُّ فَذُو دُعَآءٍ عَرِيضٍ
وہ اعراض برتتا ہے - بےرخی کرتا ہے | اور موڑ لیتا ہے | اپنے پہلو کو | اور جب | پہنچتی ہے اس کو | تکلیف - ناگوار چیز | تو کرنے والا ہوتا ہے | دعا | لمبی چوڑی

﴿٥١﴾ قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ ٱللَّهِ ثُمَّ كَفَرْتُم بِهِۦ
۴۱:۵۱ | کہہ دیجئے | کیا غور کیا تم نے | اگر | ہوا ہے | سے | طرف | اللہ کی | پھر | کفر کیا تم نے | اس کا

مَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِى شِقَاقٍۭ بَعِيدٍ ﴿٥٢﴾ سَنُرِيهِمْ ءَايَـٰتِنَا
کون | زیادہ بھٹکا ہوا ہے | اس سے بڑھ کر جو | وہ | میں ہیں | ضد | دور کی | ۴۱:۵۲ | عنقریب ہم دکھائیں گے ان کو | اپنی نشانیاں

فِى ٱلْـَٔافَاقِ وَفِىٓ أَنفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ ٱلْحَقُّ ۗ
میں | مشرق ومغرب | اور ان کے میں | نفسوں | یہاں تک کہ | واضح ہوجائے گا | ان کو | کہ وہ | حق ہے

أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُۥ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ شَهِيدٌ ﴿٥٣﴾ أَلَآ إِنَّهُمْ
کیا نہیں | کافی | آپ کے رب کے لئے | کہ وہ | پر | ہر | شے | شاہد | ۴۱:۵۳ | خبردار | بیشک وہ

فِى مِرْيَةٍ مِّن لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ۗ أَلَآ إِنَّهُۥ بِكُلِّ شَىْءٍ مُّحِيطٌۢ ﴿٥٤﴾
میں ہیں | شک | سے | ملاقات | اپنے رب کی | خبردار | بیشک وہ | ساتھ ہر | چیز کے | احاطہ کرنے والا ہے | ۴۱:۵۴

پارہ ۲۵

٤٧. قیامت کا علم اللہ ہی کی طرف لوٹایا جاتا ہے، اور جو جو پھل اپنے شگوفوں میں سے نکلتے ہیں اور جو مادہ حمل سے ہوتی ہے اور جو بچے وہ جنتی ہے سب کا علم اسے ہے، اور جس دن اللہ تعالیٰ ان (مشرکوں) کو بلا کر دریافت فرمائے گا میرے شریک کہاں ہیں، وہ جواب دیں گے کہ ہم نے تو تجھے کہہ سنایا کہ ہم میں سے تو کوئی اس کا گواہ نہیں۔

٤٨. اور یہ جن (جن) کی پرستش اس سے پہلے کرتے تھے وہ ان کی نگاہ سے گم ہوگئے اور انہوں نے سمجھ لیا ان کے لئے کوئی بچاؤ نہیں۔

٤٩. بھلائی کے مانگنے سے انسان تھکتا نہیں اور اگر اسے کوئی تکلیف پہنچ جائے تو مایوس اور نا امید ہو جاتا ہے۔

٥٠. اور جو مصیبت اسے پہنچ چکی ہے اس کے بعد اگر ہم اسے کسی رحمت کا مزہ چکھائیں تو وہ کہہ اٹھتا ہے کہ اس کا تو میں حقدار ہی تھا میں تو خیال نہیں کر سکتا کہ قیامت قائم ہوگی اور اگر میں اپنے رب کے پاس واپس گیا تو بھی یقیناً میرے لئے اس کے پاس بھی بہتری ہے، یقیناً ہم ان کفار کو ان کے اعمال سے خبردار کریں گے اور انہیں سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

٥١. اور جب ہم انسان پر اپنا انعام کرتے ہیں تو وہ منہ پھیر لیتا ہے اور کنارہ کش ہو جاتا ہے اور جب اسے مصیبت پڑتی ہے تو بڑی لمبی چوڑی دعائیں کرنے والا بن جاتا ہے۔

٥٢. آپ کہہ دیجئے! کہ بھلا یہ تو بتاؤ کہ اگر یہ قرآن اللہ کی طرف سے آیا ہوا ہو پھر تم نے اسے نہ مانا بس اس سے بڑھ کر بہکا ہوا کون ہوگا جو مخالفت میں (حق سے) دور چلا جائے۔

٥٣. عنقریب ہم انہیں اپنی نشانیاں آفاق عالم میں بھی دکھائیں گے اور خود ان کی اپنی ذات میں بھی یہاں تک کہ ان پر کھل جائے کہ حق یہی ہے کیا آپ کے رب کا ہرچیز سے واقف و آگاہ ہونا کافی نہیں۔

٥٤. یقین جانو! کہ یہ لوگ اپنے رب کے روبرو جانے سے شک میں ہیں، یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہرچیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

٤٢ سُورَةُ الشُّورَىٰ ٥٣

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حمٓ ١ عٓسٓقٓ ٢ كَذَٰلِكَ يُوحِيٓ إِلَيۡكَ وَإِلَى ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِكَ
حم ٤٢:١ عسق ٤٢:٢ اسی طرح وحی کرتا رہا ہے آپ کی طرف اور طرف ان لوگوں کے آپ سے پہلے

ٱللَّهُ ٱلۡعَزِيزُ ٱلۡحَكِيمُ ٣ لَهُۥ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۖ
اللہ تعالیٰ غالب، حکمت والا ٤٢:٣ اس کے لئے ہی ہے جو کچھ میں ہے آسمانوں اور جو کچھ میں ہے زمین

وَهُوَ ٱلۡعَلِيُّ ٱلۡعَظِيمُ ٤ تَكَادُ ٱلسَّمَٰوَٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ مِن فَوۡقِهِنَّۚ
اور وہ بلند ہے بہت بڑا ہے ٤٢:٤ قریب ہے آسمان کہ پھٹ پڑیں سے اپنے اوپر (سے)

وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ وَيَسۡتَغۡفِرُونَ لِمَن فِي
اور فرشتے وہ تسبیح کررہے ہیں ساتھ حمد کے اپنے رب کی اور وہ بخشش مانگتے ہیں ان کے لئے میں ہیں

ٱلۡأَرۡضِۗ أَلَآ إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡغَفُورُ ٱلرَّحِيمُ ٥ وَٱلَّذِينَ ٱتَّخَذُواْ
زمین خبردار بیشک اللہ تعالیٰ وہ غفور رحیم ہے ٤٢:٥ اور وہ لوگ جنہوں نے بنا لیے

مِن دُونِهِۦٓ أَوۡلِيَآءَ ٱللَّهُ حَفِيظٌ عَلَيۡهِمۡ وَمَآ أَنتَ عَلَيۡهِم بِوَكِيلٖ
اس کے سوا کچھ دوست - سرپرست اللہ تعالیٰ نگہبان ان پر اور نہیں آپ ان پر حوالہ دار

٦ وَكَذَٰلِكَ أَوۡحَيۡنَآ إِلَيۡكَ قُرۡءَانًا عَرَبِيّٗا لِّتُنذِرَ أُمَّ ٱلۡقُرَىٰ وَمَنۡ
٤٢:٦ اور اسی طرح وحی کی ہم نے آپ کی طرف قرآن عربی کی تاکہ تم خبردار کرو مکہ والوں کو مکہ والوں کو اور جو اس کے

حَوۡلَهَا وَتُنذِرَ يَوۡمَ ٱلۡجَمۡعِ لَا رَيۡبَ فِيهِۚ فَرِيقٞ فِي ٱلۡجَنَّةِ وَفَرِيقٞ فِي
آس پاس ہیں اور تم خبردار کرو دن سے جمع ہونے کے نہیں کوئی شک اس میں ایک گروہ ہوگا میں جنت اور ایک گروہ ہوگا میں

ٱلسَّعِيرِ ٧ وَلَوۡ شَآءَ ٱللَّهُ لَجَعَلَهُمۡ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ وَلَٰكِن يُدۡخِلُ مَن
دوزخ ٤٢:٧ اور اگر چاہتا اللہ البتہ بنادیتا ان کو امت ایک ہی لیکن وہ داخل کرے گا - وہ داخل کرتا ہے جس کو

يَشَآءُ فِي رَحۡمَتِهِۦۚ وَٱلظَّٰلِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيّٖ وَلَا نَصِيرٍ ٨ أَمِ
وہ چاہے گا - چاہتا ہے میں اپنی رحمت اور ظالم لوگ نہیں ان کے لئے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار ٤٢:٨ یا

ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِهِۦٓ أَوۡلِيَآءَۖ فَٱللَّهُ هُوَ ٱلۡوَلِيُّ وَهُوَ يُحۡيِ ٱلۡمَوۡتَىٰ وَهُوَ
انہوں نے بنا رکھا ہے اس کے سوا کچھ سرپرست پس اللہ تعالیٰ وہی سرپرست ہے اور وہ زندہ کرے گا مردوں کو اور وہ

عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ ٩ وَمَا ٱخۡتَلَفۡتُمۡ فِيهِ مِن شَيۡءٖ فَحُكۡمُهُۥٓ
پر ہر چیز قدرت والا ہے ٤٢:٩ اور جو بھی اختلاف کیا تم نے اس میں میں سے کسی چیز تو اس کا فیصلہ کرنا

إِلَى ٱللَّهِۚ ذَٰلِكُمُ ٱللَّهُ رَبِّي عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَإِلَيۡهِ أُنِيبُ ١٠
طرف اللہ کی یہ ہے اللہ رب میرا اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں ٤٢:١٠

سورة الشوریٰ
مکہ
سورہ نمبر: ٤٢ آیات: ٥٣

١. حم

٢. عسق

٣. اسی طرح تیری طرف اور تجھ سے اگلوں کی طرف وحی بھیجتا رہا اللہ تعالیٰ جو زبردست ہے اور حکمت والا ہے

٤. آسمانوں کی (تمام) چیزیں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے وہ برتر اور عظیم الشان ہے۔

٥. قریب ہے آسمان اوپر سے پھٹ پڑیں اور تمام فرشتے اپنے رب کی پاکی تعریف کے ساتھ بیان کر رہے ہیں اور زمین والوں کے لئے استغفار کر رہے ہیں، خوب سمجھ رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہی معاف فرمانے والا ہے۔

٦. اور جن لوگوں نے اس کے سوا دوسروں کو کارساز بنا لیا ہے اللہ تعالیٰ ان پر نگران ہے اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

٧. اس طرح ہم نے آپ کی طرف عربی قرآن کی وحی کی ہے تاکہ آپ مکہ والوں کو اور اس کے آس پاس کے لوگوں کو خبردار کر دیں اور جمع ہونے کے دن جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ڈرا دیں۔ ایک گروہ جنت میں ہوگا اور ایک گروہ جہنم میں ہوگا۔

٨. اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ان سب کو ایک ہی امت کا بنا دیتا لیکن جسے چاہتا اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے اور ظالموں کا حامی اور مددگار کوئی نہیں۔

٩. کیا ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا اور کارساز بنا لئے ہیں (حقیقتاً تو) اللہ تعالیٰ ہی کارساز ہے وہی مردوں کو زندہ کرے گا اور وہی ہرچیز کا قادر ہے۔

١٠. اور جس جس چیز میں تمہارا اختلاف ہو اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔ یہی اللہ میرا رب ہے جس پر میں نے بھروسہ کر رکھا ہے اور جس کی طرف میں جھکتا ہوں۔

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا
پیدا کرنے والا ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | اس نے بنائے | تمہارے لئے | سے | تمہارے نفسوں میں (سے) | جوڑے

وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ وَهُوَ
میں سے | اور مویشی جانوروں | جوڑے | پھیلاتا جارہا ہے تم کو | اس میں | نہیں ہے | اس کی مانند - اس کی مثال | کوئی چیز | اور وہ

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ
سننے والا ہے | دیکھنے والا ہے | ۴۲:۱۱ | اس کے لئے ہیں | کنجیاں ہیں | آسمانوں کی | اور زمین کی | پھیلاتا ہے - فراخ کرتا ہے

١/٤ الحزب ٤٩
الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ * شَرَعَ
رزق | جس کے لئے | چاہتا ہے | اور تنگ کرتا ہے | بیشک وہ | ہر | چیز کے ساتھ | جاننے والا ہے | ۴۲:۱۲ | اس نے مقرر کیا

لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ وَمَا
تمہارے لئے | میں سے | دین | جس کی | وصیت کی | اس کے ساتھ | نوح کو | اور وہ چیز جو | وحی کی ہم نے | آپ کی طرف | اور جو

وَصَّيْنَا بِهٖۤ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰۤى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ
وصیت کی ہم نے | اس کے ساتھ | ابراہیم کو | اور موسیٰ کو | اور عیسیٰ کو | کہ | قائم کرو | دین کو

وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ؕ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ؕ اَللّٰهُ
اور نہ | تم اختلاف کرو | اس میں | بڑا ہے - بھاری ہے | پر | مشرکوں | جو | تم بلاتے ہو ان کو | طرف اس کے | اللہ

يَجْتَبِيْۤ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْۤ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ وَمَا تَفَرَّقُوْۤا
کھینچ لیتا ہے | اپنی طرف | جس کو | چاہتا ہے | اور ہدایت دیتا ہے - رہنمائی کرتا ہے | ، اپنی طرف | جو | رجوع کرتا ہے | ۴۲:۱۳ | اور نہیں | اختلاف کیا

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ
مگر | بعد اس کے | جو | آگیا ان کے پاس | علم | سرکشی کی وجہ سے | ان کے اپنے درمیان اور اگر نہ ہوتی | ایک بات | جو پہلے گزر چکی

مِنْ رَّبِّكَ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا
سے | تیرے رب کی طرف | تک | ایک وقت | مقرر | البتہ فیصلہ کردیا جاتا | ان کے درمیان | اور بیشک | وہ لوگ | جو وارث بنائے گئے

الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾ فَلِذٰلِكَ
کتاب کے | ان کے بعد | البتہ میں ہیں | شک | اس کی طرف سے | بے چین کردینے والے | ۴۲:۱۴ | پس اس لئے

فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ وَقُلْ
پس بلاؤ - دعوت دو | اور قائم رہو | جیسا کہ | آپ کو حکم دیا گیا | اور نہ | تم پیروی کرو | ان کی خواہشات کی | اور کہہ دیجئے

اٰمَنْتُ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ؕ
میں ایمان لایا | ساتھ اس کے | جو نازل کیا | اللہ نے | میں سے | کتاب | اور مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ میں عدل کروں | تمہارے درمیان

اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَاۤ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ
اللہ تعالیٰ | ہمارا رب ہے | اور تمہارا رب | ہمارے لئے | ہمارے اعمال | اور تمہارے لئے | تمہارے اعمال | نہیں | کوئی جھگڑا

بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾
ہمارے درمیان | اور تمہارے درمیان | اللہ تعالیٰ | جمع کردے گا | ہمارے درمیان | اور اسی کی طرف | لوٹنا ہے | ۴۲:۱۵

۱۱. وہ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اس نے تمہارے لئے تمہاری جنس کے جوڑے بنا دیئے ہیں اور چوپایوں کے جوڑے بنائے ہیں تمہیں وہ اس میں پھیلا رہا ہے اس جیسی کوئی چیز نہیں، وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

۱۲. آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کی ہیں جس کی چاہے روزی کشادہ کردے اور تنگ کردے، یقیناً وہ ہرچیز کو جاننے والا ہے۔

۱۳. اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے وہی دین مقرر کر دیا ہے جس کے قائم کرنے کا اس نے نوح (علیہ السلام) کو حکم دیا تھا اور جو (بذریعہ وحی) ہم نے تیری طرف بھیج دی ہے، اور جس کا تاکیدی حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو دیا تھا کہ اس دین کو قائم رکھنا اور اس میں پھوٹ نہ ڈالنا جس چیز کی طرف آپ انہیں بلا رہے ہیں وہ تو (ان) مشرکین پر گراں گزرتی ہے، اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اپنا برگزیدہ بناتا ہے اور جو بھی اس کی طرف رجوع کرے وہ اس کی صحیح راہنمائی کرتا ہے۔

۱۴. ان لوگوں نے اپنے پاس علم آجانے کے بعد ہی اختلاف کیا اور وہ بھی باہمی ضد بحث سے اور اگر آپ کے رب کی بات ایک وقت تک کے لئے پہلے ہی سے قرار پا گئی ہوئی ہوتی تو یقیناً ان کا فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور جن لوگوں کو ان کے بعد کتاب دی گئی وہ بھی اس کی طرف سے الجھن والے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

۱۵. پس آپ لوگوں کو اسی طرف بلاتے رہیں اور جو کچھ آپ سے کہا گیا ہے اس پر مضبوطی سے جم جائیں اور ان کی خواہشوں پر نہ چلیں اور کہہ دیں کہ اللہ تعالیٰ نے جتنی کتابیں نازل فرمائی ہیں میرا ان پر ایمان ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تم میں انصاف کرتا رہوں ہمارا اور تم سب کا پروردگار اللہ ہی ہے ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے ہیں ہم تم میں کوئی کٹ حجتی نہیں اللہ تعالیٰ ہم (سب) کو جمع کرے گا اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

وَالَّذِينَ يُحَاجُّونَ فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا اسْتُجِيبَ لَهُ حُجَّتُهُمْ

اور وہ لوگ | جو جھگڑتے ہیں | میں | اللہ کے بارے | بعد اس کے | جو | لبیک کہہ دی گئی | اس کے لئے | ان کی حجت بازی

دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ

زائل ہونے والی ہے۔ کمزور ہے۔ باطل ہے | نزدیک | ان کے رب کے | اور ان پر | غضب ہے | اور ان کے لئے | عذاب ہے | سخت

﴿١٦﴾ اللَّهُ الَّذِي أَنْزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَالْمِيزَانَ ۗ وَمَا يُدْرِيكَ

٤٢:١٦ | اللہ | وہ ذات ہے | جس نے نازل کی | کتاب | حق کے ساتھ | اور میزان کو | اور کیا | چیز بتائے تجھ کو

لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ ﴿١٧﴾ يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

شاید کہ | قیامت | قریب ہی ہو | ٤٢:١٧ | جلدی مانگتے ہیں | اس کو | وہ لوگ | نہیں | جو ایمان لاتے

بِهَا ۖ وَالَّذِينَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ ۗ

اس پر | اور وہ لوگ | جو ایمان لائے | ڈرنے والے ہیں | اس سے | اور وہ علم رکھتے ہیں | کہ بیشک وہ | حق ہے

أَلَا إِنَّ الَّذِينَ يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ ﴿١٨﴾

خبردار | بیشک | وہ لوگ | جو بحثیں کرتے ہیں۔ جھگڑتے ہیں | میں | قیامت کے بارے | البتہ میں ہیں | گمراہی | کھلی | ٤٢:١٨

اللَّهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ

اللہ تعالیٰ | مہربان ہے | اپنے بندوں پر | رزق دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور وہ | قوت والا ہے | غلبے والا ہے

﴿١٩﴾ مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ ۖ وَمَنْ

٤٢:١٩ | جو کوئی | ہے | ارادہ رکھتا۔ چاہتا | کھیتی کا | آخرت کی | ہم زیادہ کردیتے ہیں | اس کے لئے | میں | اس کی کھیتی | اور جو کوئی

كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ

ہے | ارادہ رکھتا | کھیتی کا | دنیا کی | ہم دیتے ہیں اس کو | اس میں سے | اور نہیں | اس کے لئے | میں | آخرت (میں)

مِنْ نَصِيبٍ ﴿٢٠﴾ أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُمْ مِنَ الدِّينِ

کوئی | حصہ | ٤٢:٢٠ | یا | ان کے لئے | کچھ شریک ہیں | جنہوں نے مقرر کر رکھے ہیں | ان کے لئے | میں سے | دین

مَا لَمْ يَأْذَنْ بِهِ اللَّهُ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۗ

جس کی | نہیں | اجازت دی | ساتھ اس کے | اللہ نے | اور اگر نہ ہوتی | بات | فیصلے کی | البتہ فیصلہ کردیا جاتا | ان کے درمیان

وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٢١﴾ تَرَى الظَّالِمِينَ

اور بیشک | ظالم لوگ | ان کے لئے | عذاب ہے | دردناک | ٤٢:٢١ | تم دیکھو گے | ظالموں کو

مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ ۗ وَالَّذِينَ

ڈر رہے ہو گے | اس سے جو | انہوں نے کمائی کی | اور وہ | واقع ہونے والا ہے | ان پر | اور وہ لوگ جو

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ ۖ لَهُمْ

ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کیے | اچھے | میں | باغوں ہوں گے | جنتوں کے | ان کے لئے

مَا يَشَاءُونَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿٢٢﴾

جو | وہ چاہیں گے | پاس ہوگا | ان کے رب کے | یہی | وہ | فضل ہے | بڑا | ٤٢:٢٢

١٦۔ اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی باتوں میں جھگڑا ڈالتے ہیں اس کے بعد کہ (مخلوق) انہیں مان چکی ان کی خواہ مخواہ کی حجت اللہ کے نزدیک باطل ہے اور ان پر غضب ہے اور ان کے لئے سخت عذاب ہے۔

١٧۔ اللہ تعالیٰ نے حق کے ساتھ کتاب نازل فرمائی ہے اور ترازو بھی (اتاری ہے)، آپ کو کیا خبر شاید قیامت قریب ہی ہو۔

١٨۔ اس کی جلدی انہیں پڑی ہے جو اسے نہیں مانتے اور جو اس پر یقین رکھتے ہیں وہ تو اس سے ڈر رہے ہیں انہیں اس کے حق ہونے کا پورا علم ہے یاد رکھو جو لوگ قیامت کے معاملہ میں لڑ جھگڑ رہے ہیں وہ دور کی گمراہی میں پڑے ہوئے ہیں۔

١٩۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑا ہی لطف کرنے والا ہے، جسے چاہتا ہے کشادہ روزی دیتا ہے اور وہ بڑی طاقت، بڑے غلبے والا ہے۔

٢٠۔ جس کا ارادہ آخرت کی کھیتی کا ہو ہم اسے اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے اور جو دنیا کی کھیتی کی طلب رکھتا ہو ہم اسے اس میں سے ہی کچھ دے دیں گے ایسے شخص کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔

٢١۔ کیا ان لوگوں نے ایسے (اللہ کے) شریک (مقرر کر رکھے) ہیں جنہوں نے ایسے احکام دین مقرر کر دیئے جو اللہ کے فرمائے ہوئے نہیں اگر فیصلے کا دن کا وعدہ نہ ہوتا تو (ابھی ہی) ان میں فیصلہ کر دیا جاتا یقیناً (ان) ظالموں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

٢٢۔ آپ دیکھیں گے کہ یہ ظالم اپنے اعمال سے ڈر رہے ہونگے جن کے وبال ان پر واقع ہونے والے ہیں اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے وہ بہشتوں کے باغات میں ہوں گے وہ جو خواہش کریں اپنے رب کے پاس موجود پائیں گے یہی ہے بڑا فضل۔

ذٰلِكَ الَّذِىۡ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ
یہ وہ چیز ہے خوش خبری دیتا ہے اللہ اپنے ان بندوں کو وہ جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کیے اچھے

قُلۡ لَّاۤ اَسۡـئَلُكُمۡ عَلَيۡهِ اَجۡرًا اِلَّا الۡمَوَدَّةَ فِى الۡقُرۡبٰى ؕ وَمَنۡ يَّقۡتَرِفۡ
کہہ دیجئے نہیں میں مانگتا تم سے اس پر کوئی اجر سوائے محبت کے میں قرابت داری اور جو کوئی کمائے گا

حَسَنَةً نَّزِدۡ لَهٗ فِيۡهَا حُسۡنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ﴿۲۳﴾ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ
کوئی نیکی ہم اضافہ کردیں گے اس کے لئے اس میں خوبی بیشک اللہ تعالیٰ بخشش فرمانے والا ہے قدردان ہے ۴۲:۲۳ یا وہ کہتے ہیں

افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ فَاِنۡ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخۡتِمۡ عَلٰى قَلۡبِكَ ؕ وَيَمۡحُ اللّٰهُ
اس نے گھڑ لیا پر اللہ جھوٹ پھر اگر چاہتا اللہ مہر لگا دیتا پر تیرے دل اور مٹا دیتا ہے اللہ

الۡبَاطِلَ وَيُحِقُّ الۡحَـقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۲۴﴾
باطل کو اور حق کردکھاتا ہے حق کو اپنے کلمات کے ساتھ بیشک وہ جاننے والا ہے بھید سینوں کے ۴۲:۲۴

وَهُوَ الَّذِىۡ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ وَيَعۡفُوۡا عَنِ السَّيِّاٰتِ
اور وہ اللہ وہ ذات ہے جو قبول کرتا ہے توبہ کو سے اپنے بندوں اور درگزر کرتا ہے سے برائیوں

وَيَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۲۵﴾ وَيَسۡتَجِيۡبُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا
اور وہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو ۴۲:۲۵ اور جواب دیتا ہے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور انہوں نے عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيۡدُهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ وَالۡكٰفِرُوۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ
اچھے اور زیادہ دیتا ہے ان کو سے اپنے فضل اور کافر لوگ ان کے لئے عذاب ہے

۲/۴ الحزب ۴۹
شَدِيۡدٌ ﴿۲۶﴾ ۞ وَلَوۡ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزۡقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوۡا فِى الۡاَرۡضِ
شدید ۴۲:۲۶ اور اگر کھول دے اللہ رزق کو اپنے بندوں کے لئے البتہ وہ بغاوت کردیں میں زمین

وَلٰـكِنۡ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيۡرٌۢ بَصِيۡرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ
لیکن اتارتا ہے ساتھ اندازے کے جو وہ چاہتا ہے بیشک وہ اپنے بندوں کے ساتھ خبر رکھنے والا ہے دیکھنے والا ہے ۴۲:۲۷ اور وہ اللہ

الَّذِىۡ يُنَزِّلُ الۡغَيۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا قَنَطُوۡا وَيَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الۡوَلِىُّ الۡحَمِيۡدُ
وہ ذات ہے جو اتارتا ہے بارش کو اس کے بعد کہ وہ مایوس ہوگئے اور پھیلا دیتا ہے اپنی رحمت کو اور وہ کارساز ہے۔ دوست ہے ، تعریف والا ہے

﴿۲۸﴾ وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَثَّ فِيۡهِمَا مِنۡ دَآبَّةٍ ؕ
۴۲:۲۸ اور میں سے ہے اس کی نشانیوں پیدائش آسمانوں کی اور زمین کی اور جو بھی اس نے پھیلا دیے ان دونوں میں میں سے جانوروں

وَهُوَ عَلٰى جَمۡعِهِمۡ اِذَا يَشَآءُ قَدِيۡرٌ ﴿۲۹﴾ وَمَاۤ اَصَابَكُمۡ مِّنۡ مُّصِيۡبَةٍ فَبِمَا
اور وہ پر ان کے جمع کرنے (پر) جب بھی وہ چاہے چاہتا ہے قدرت رکھنے والا ہے ۴۲:۲۹ اور جو بھی پہنچتی ہے تم کو کوئی مصیبت پس بوجہ اس کے جو

كَسَبَتۡ اَيۡدِيۡكُمۡ وَيَعۡفُوۡا عَنۡ كَثِيۡرٍ ﴿۳۰﴾ وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِيۡنَ
کمائی کی تمہارے ہاتھوں نے اور وہ درگزر کرتا ہے سے بہت سی چیزوں ۴۲:۳۰ اور نہیں تم عاجز کرنے والے

فِى الۡاَرۡضِ ۖۚ وَمَا لَـكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿۳۱﴾
میں زمین اور نہیں تمہارے لئے سے سوا اللہ کے کوئی دوست اور نہ کوئی مددگار ۴۲:۳۱

۲۳. یہی وہ ہے جس کی بشارت اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دے رہا ہے جو ایمان لائے اور (سنت کے مطابق) نیک عمل کئے تو کہہ دیجئے! کہ میں اس پر تم سے کوئی بدلہ نہیں چاہتا مگر محبت رشتہ داری کی جو شخص کوئی نیکی کرے ہم اس کے لئے اس کی نیکی میں اور نیکی بڑھا دیں گے، بیشک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا (اور) بہت قدردان ہے۔

۲۴. کیا یہ کہتے ہیں کہ (پیغمبر نے) اللہ پر جھوٹ باندھا ہے، اگر اللہ چاہے تو آپ کے دل پر مہر لگا دے اور اللہ تعالیٰ اپنی باتوں سے جھوٹ کو مٹا دیتا ہے اور سچ کو ثابت رکھتا ہے۔ وہ سینے کی باتوں کو جاننے والا ہے۔

۲۵. وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور گناہوں سے درگزر فرماتا ہے اور جو کچھ تم کر رہے ہو (سب) جانتا ہے۔

۲۶. ایمان والوں اور نیکوکار لوگوں کی سنتا ہے اور انہیں اپنے فضل سے اور بڑھا کر دیتا ہے اور کفار کے لئے سخت عذاب ہے۔

۲۷. اگر اللہ تعالیٰ اپنے (سب) بندوں کی روزی فراخ کر دیتا تو وہ زمین میں فساد برپا کر دیتے لیکن وہ اندازے کے ساتھ جو کچھ چاہتا نازل فرماتا ہے، وہ اپنے بندوں سے پورا خبردار ہے اور خوب دیکھنے والا ہے۔

۲۸. اور وہی ہے جو لوگوں کے نا امید ہو جانے کے بعد بارش برساتا ہے اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے وہی ہے کارساز اور قابل حمد و ثنا۔

۲۹. اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش ہے اور ان میں جانداروں کا پھیلانا وہ اس پر بھی قادر ہے کہ جب چاہے انہیں جمع کر دے۔

۳۰. تمہیں جو کچھ مصیبتیں پہنچتی ہیں وہ تمہارے اپنے ہاتھوں کے کرتوت کا بدلہ ہے، اور وہ تو بہت سی باتوں سے درگزر فرما دیتا ہے۔

۳۱. اور تم ہمیں زمین میں عاجز کرنے والے نہیں ہو، تمہارے لئے سوائے اللہ تعالیٰ کے نہ کوئی کارساز نہ مدد گار۔

وَمِنْ ءَايَٰتِهِ ٱلْجَوَارِ فِى ٱلْبَحْرِ كَٱلْأَعْلَٰمِ ﴿٣٢﴾ إِن يَشَأْ يُسْكِنِ ٱلرِّيحَ

اور میں سے ہیں | اس کی نشانیوں | کشتیاں | میں | سمندر | پہاڑوں کی طرح | ۴۲:۳۲ | اگر | وہ چاہے | تھما دے | ہوا کو

فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَىٰ ظَهْرِهِۦٓ ۚ إِنَّ فِى ذَٰلِكَ لَءَايَٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ

تو وہ ہوجائیں - رہ جائیں | تھمی ہوئی | پر | اس کی پشت | یقینا | اس میں | البتہ | نشانیاں ہیں | واسطے ہر | بہت صبر کرنے والے | بہت شکرگزار کے لئے

﴿٣٣﴾ أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا۟ وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ﴿٣٤﴾ وَيَعْلَمَ ٱلَّذِينَ

۴۲:۳۳ | یا | ہلاک کردے ان کو | بوجہ اس کے | جو انہوں نے کمائی کی | اور وہ معاف کردیتا ہے - درگزر کرتا ہے | سے | بہت سی چیزوں | ۴۲:۳۴ | اور جان لیں گے | وہ لوگ

يُجَٰدِلُونَ فِىٓ ءَايَٰتِنَا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ ﴿٣٥﴾ فَمَآ أُوتِيتُم مِّن شَىْءٍ فَمَتَٰعُ

جو جھگڑتے ہیں | میں | ہماری آیات | نہیں | ان کے لئے | کوئی | بچنے کی جگہ - جائے پناہ | ۴۲:۳۵ | پس جو بھی | دیے گئے تم | کوئی | چیز | تو سامان ہے

ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا ۖ وَمَا عِندَ ٱللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ لِلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ

زندگی کا | دنیا کی | اور جو | پاس ہے | اللہ کے | بہتر ہے | اور زیادہ باقی رہنے والا ہے | ان لوگوں کے لئے | جو ایمان لائے | اور پر | اپنے رب

يَتَوَكَّلُونَ ﴿٣٦﴾ وَٱلَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَٰٓئِرَ ٱلْإِثْمِ وَٱلْفَوَٰحِشَ وَإِذَا مَا

وہ توکل کرتے ہیں | ۴۲:۳۶ | اور وہ لوگ | جو بچتے ہیں - اجتناب کرتے ہیں | بڑے | گناہوں سے | اور بے حیائی کی باتوں سے | اور جب

غَضِبُوا۟ هُمْ يَغْفِرُونَ ﴿٣٧﴾ وَٱلَّذِينَ ٱسْتَجَابُوا۟ لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ

وہ غضب ناک ہوتے ہیں | تو وہ | درگزر کرجاتے ہیں - معاف کرجاتے ہیں | ۴۲:۳۷ | اور وہ لوگ جو | حکم مانتے ہیں | اپنے رب کا | اور قائم کرتے ہیں | نماز

وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَٰهُمْ يُنفِقُونَ ﴿٣٨﴾ وَٱلَّذِينَ إِذَآ أَصَابَهُمُ

اور ان کے معاملات | مشورے سے ہوتے ہیں | آپس کے | اور اس میں سے جو | رزق دیا ہم نے ان کو | وہ خرچ کرتے ہیں | ۴۲:۳۸ | اور وہ لوگ | جب | پہنچتی ہے ان کو

ٱلْبَغْىُ هُمْ يَنتَصِرُونَ ﴿٣٩﴾ وَجَزَٰٓؤُا۟ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۖ فَمَنْ عَفَا

کوئی زیادتی | وہ | بدلہ لیتے ہیں | ۴۲:۳۹ | اور بدلہ | برائی کا | برائی ہے | اس جیسی | پس جو کوئی | درگزر کرجائے

وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُۥ عَلَى ٱللَّهِ ۚ إِنَّهُۥ لَا يُحِبُّ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٤٠﴾ وَلَمَنِ ٱنتَصَرَ

اور اصلاح کرے | تو اجر اس کا | ذمہ ہے | اللہ کے | بیشک وہ | نہیں | محبت کرتا | ظالموں سے | ۴۲:۴۰ | اور جو کوئی | بدلہ لے

بَعْدَ ظُلْمِهِۦ فَأُو۟لَٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ ﴿٤١﴾ إِنَّمَا ٱلسَّبِيلُ عَلَى

بعد | اس کے ظلم کے | تو یہی لوگ | نہیں ہے | ان پر | کوئی | راستہ | ۴۲:۴۱ | بیشک | راستہ | پر ہے

ٱلَّذِينَ يَظْلِمُونَ ٱلنَّاسَ وَيَبْغُونَ فِى ٱلْأَرْضِ بِغَيْرِ ٱلْحَقِّ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ

ان لوگوں | جو ظلم کرتے ہیں | لوگوں پر | اور بغاوت کرتے ہیں - زیادتی کرتے ہیں | میں | زمین | نا | حق | یہی لوگ

لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٤٢﴾ وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ

ان کے لئے | عذاب ہے | دردناک | ۴۲:۴۲ | اور البتہ جس نے | صبر کیا | اور معاف کردیا | بیشک | یہ | البتہ میں سے ہے | ہمت کے

ٱلْأُمُورِ ﴿٤٣﴾ وَمَن يُضْلِلِ ٱللَّهُ فَمَا لَهُۥ مِن وَلِىٍّ مِّنۢ بَعْدِهِۦ ۗ وَتَرَى

کاموں | ۴۲:۴۳ | اور جس کو | بھٹکا دے - گمراہ کردے | اللہ | تو نہیں اس کے لئے | کوئی | دوست | اس کے | بعد | اور تم دیکھو گے

ٱلظَّٰلِمِينَ لَمَّا رَأَوُا۟ ٱلْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ﴿٤٤﴾

ظالموں کو | جب | وہ دیکھ لیں گے | عذاب | وہ کہیں گے | کیا | طرف | لوٹنے کی | کوئی | راستہ ہے | ۴۲:۴۴

۳۲. اور دریا میں چلنے والی پہاڑوں جیسی کشتیاں اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔

۳۳. اگر وہ چاہے تو ہوا بند کر دے اور یہ کشتیاں سمندروں پر رکی رہ جائیں۔ یقیناً اس میں ہر صبر کرنے والے شکر گزار کے لئے نشانیاں ہیں۔

۳۴. یا انہیں ان کے کرتوتوں کے باعث تباہ کر دے، وہ تو بہت سی خطاؤں سے درگزر فرمایا کرتا ہے۔

۳۵. اور تاکہ جو لوگ ہماری نشانیوں میں جھگڑتے ہیں وہ معلوم کرلیں کہ ان کے لئے کوئی چھٹکارہ نہیں۔

۳۶. تو تمہیں جو کچھ دیا گیا وہ زندگانی دنیا کا کچھ یونہی سا اسباب ہے اور اللہ کے پاس جو ہے وہ اس سے بدرجہ بہتر اور پائیدار ہے، وہ ان کے لئے ہے جو ایمان لائے اور صرف اپنے رب ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

۳۷. اور کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائیوں سے بچتے ہیں اور غصے کے وقت (بھی) معاف کر دیتے ہیں۔

۳۸. اور اپنے رب کے فرمان کو قبول کرتے ہیں اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور ان کا (ہر) کام آپس کے مشورے سے ہوتا ہے اور جو ہم نے انہیں دے رکھا ہے اس میں سے (ہمارے نام پر) دیتے ہیں۔

۳۹. اور جب ان پر ظلم (و زیادتی) ہو تو وہ صرف بدلہ لے لیتے ہیں۔

۴۰. اور برائی کا بدلہ اسی جیسی برائی ہے اور جو معاف کردے اور اصلاح کر لے اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے، (فی الواقع) اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتا۔

۴۱. اور جو شخص اپنے مظلوم ہونے کے بعد (برابر کا) بدلہ لے لے تو ایسے لوگوں پر (الزام) کا کوئی راستہ نہیں۔

۴۲. یہ راستہ صرف ان لوگوں پر ہے جو خود دوسروں پر ظلم کریں اور زمین میں ناحق فساد کرتے پھریں، یہی لوگ ہیں جن کے لئے دردناک عذاب ہے۔

۴۳. اور جو شخص صبر کرلے اور معاف کر دے یقیناً یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے (ایک کام) ہے۔

۴۴. اور جسے اللہ تعالیٰ بہکا دے اس کا اس کے بعد کوئی چارہ ساز نہیں، اور تو دیکھے گا کہ ظالم لوگ عذاب کو دیکھ کر کہہ رہے ہوں گے کہ کیا واپس جانے کی کوئی راہ ہے۔

وَتَرَىٰهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَٰشِعِينَ مِنَ ٱلذُّلِّ يَنظُرُونَ
اور تم دیکھو گے ان کو | وہ پیش کیے جائیں گے | اس پر (یعنی جہنم پر) | جھکنے والے - دبنے والے | وجہ سے | ذلت کی | وہ دیکھیں گے

مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِنَّ ٱلْخَٰسِرِينَ ٱلَّذِينَ
سے | نظر | چھپی ہوئی | اور کہیں گے | وہ لوگ | جو ایمان لائے | بیشک | خسارہ پانے والے | وہ لوگ ہیں

خَسِرُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ ۗ أَلَآ إِنَّ ٱلظَّٰلِمِينَ
جنہوں نے خسارے میں ڈالا | اپنے نفسوں کو | اور اپنے گھروالوں کو | دن | قیامت کے | خبردار | بیشک | ظالم لوگ

فِى عَذَابٍ مُّقِيمٍ ﴿٤٥﴾ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنْ أَوْلِيَآءَ يَنصُرُونَهُم
میں | عذاب (میں) ہوں گے | دائمی | ٤٢:٤٥ | ور نہ | ہوں گے | ان کے لئے | کوئی | اولیاء - مددگار | جو مدد کریں ان کی

مِّن دُونِ ٱللَّهِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ ٱللَّهُ فَمَا لَهُۥ مِن سَبِيلٍ ﴿٤٦﴾ ٱسْتَجِيبُوا۟
سوا | اللہ کے | اور جس کو | بھٹکا دے | اللہ | تو نہیں اس کے لئے | کوئی | راستہ | ٤٢:٤٦ | مان لو - قبول کرلو

لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِىَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُۥ مِنَ ٱللَّهِ ۚ مَا لَكُم
اپنے رب کے لیے (اپنے رب کی بات کو) | اس سے پہلے | کہ | آجائے | ایک دن | نہیں | پھرنا ٹلنا | اس کے لئے | طرف سے | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے

مِّن مَّلْجَإٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ ﴿٤٧﴾ فَإِنْ أَعْرَضُوا۟
کوئی | جائے پناہ | اس دن | اور نہیں | تمہارے لئے | کوئی | انکار کرنا | ٤٢:٤٧ | پھر اگر | وہ اعراض برتیں

فَمَآ أَرْسَلْنَٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا ۖ إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا ٱلْبَلَٰغُ ۗ وَإِنَّآ إِذَآ
تو نہیں | بھیجا ہم نے آپ کو | ان پر | نگہبان بناکر | نہیں | آپ کے ذمہ | مگر | پہنچادینا | اور بیشک ہم | جب

أَذَقْنَا ٱلْإِنسَٰنَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۖ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ
چکھاتے ہیں ہم | انسان کو | اپنی طرف سے | کوئی رحمت | خوش ہوجاتا ہے وہ | اس پر | اور اگر | پہنچتی ہے ان کو | کوئی تکلیف

بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ ٱلْإِنسَٰنَ كَفُورٌ ﴿٤٨﴾ لِّلَّهِ مُلْكُ
بوجہ اس کے جو | آگے بھیجا | ان کے ہاتھوں نے | تو بیشک | انسان | سخت ناشکرا | ٤٢:٤٨ | اللہ ہی کے لئے | بادشاہت

ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ يَهَبُ لِمَن يَشَآءُ إِنَٰثًا
آسمانوں کی | اور زمین کی | وہ پیدا کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | عطا کرتا ہے | جس کے لئے | چاہتا ہے | لڑکیاں

وَيَهَبُ لِمَن يَشَآءُ ٱلذُّكُورَ ﴿٤٩﴾ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَٰثًا ۖ
اور عطا کرتا ہے | جس کے لئے | چاہتا ہے | لڑکے | ٤٢:٤٩ | یا | ملا جلا کردیتا ہے ان کو | لڑکے | اور لڑکیوں (کی شکل میں)

٣/٤ الحزب ٤٩
وَيَجْعَلُ مَن يَشَآءُ عَقِيمًا ۚ إِنَّهُۥ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ﴿٥٠﴾ ۞ وَمَا كَانَ
اور بنا دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | بانجھ | بیشک وہ | علم والا ہے، | قدرت والا ہے | ٤٢:٥٠ | اور نہیں | ہے

لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ ٱللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِن وَرَآئِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ
کسی بشر کے لئے | کہ | کلام کرے اس سے | اللہ | مگر | وحی کے طور پر | یا | سے | پیچھے سے | پردے کے | یا | وہ بھیجے

رَسُولًا فَيُوحِىَ بِإِذْنِهِۦ مَا يَشَآءُ ۚ إِنَّهُۥ عَلِىٌّ حَكِيمٌ ﴿٥١﴾
کوئی پہنچانے والا | تو وہ وحی کرے | ساتھ اس کے اذن کے | جو | وہ چاہے | یقینا وہ | بلند ہے، | حکمت والا ہے | ٤٢:٥١

٤٥. اور تو انہیں دیکھے گا کہ وہ (جہنم کے) سامنے لا کھڑے کئے جائیں گے مارے ذلت کے جھکے جا رہے ہونگے اور کن آنکھوں سے دیکھ رہے ہونگے، ایمان دار صاف کہیں گے کہ حقیقی زیاں کار وہ ہیں جنہوں نے آج قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈال دیا۔ یاد رکھو کہ یقیناً ظالم لوگ دائمی عذاب میں ہیں۔

٤٦. ان کے کوئی مددگار نہیں جو اللہ سے الگ ان کی امداد کر سکیں اور جسے اللہ گمراہ کر دے اس کے لئے کوئی راستہ نہیں۔

٤٧. اپنے رب کا حکم مان لو اس سے پہلے کہ اللہ کی جانب سے وہ دن آجائے جس کا ہٹ جانا ناممکن ہے، تمہیں اس روز نہ تو کوئی پناہ کی جگہ ملے گی نہ چھپ کر انجان بن جانے کی۔

٤٨. اگر یہ منہ پھیر لیں تو ہم نے آپ کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا، آپ کے ذمہ تو صرف پیغام پہنچا دینا ہے ہم جب کبھی انسان کو اپنی مہربانی کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اس پر اترا جاتا ہے اور اگر انہیں ان کے اعمال کی وجہ سے کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو بیشک بڑا ہی ناشکرا ہے۔

٤٩. آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے، وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جس کو چاہتا ہے بیٹیاں دیتا ہے جسے چاہے بیٹے دیتا ہے۔

٥٠. یا انہیں جمع کر دیتا ہے بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی اور جسے چاہے بانجھ کر دیتا ہے وہ بڑے علم والا اور کامل قدرت والا ہے۔

٥١. ناممکن ہے کہ کسی بندے سے اللہ تعالیٰ کلام کرے مگر وحی کے ذریعے یا پردے کے پیچھے سے یا کسی فرشتہ کو بھیجے اور وہ اللہ کے حکم سے جو وہ چاہے وحی کرے، بیشک وہ برتر حکمت والا ہے۔

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ رُوحًا مِّنْ أَمْرِنَا ۚ مَا كُنتَ تَدْرِى مَا ٱلْكِتَٰبُ
اور اسی طرح | وحی کی ہم نے | آپ کی طرف | ایک وحی کو | سے | اپنے حکم | نہ | تھا تو | جانتا | کیا ہے | کتاب

وَلَا ٱلْإِيمَٰنُ وَلَٰكِن جَعَلْنَٰهُ نُورًا نَّهْدِى بِهِۦ مَن نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ۚ
اور نہ | ایمان | لیکن | بنایا ہم نے اس کو | نور | راہ دکھاتے ہیں ہم | ساتھ اس کے | جس کو | ہم چاہتے ہیں | میں سے | اپنے بندوں

وَإِنَّكَ لَتَهْدِىٓ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٢﴾ صِرَٰطِ ٱللَّهِ ٱلَّذِى لَهُۥ
اور بیشک آپ | البتہ رہنمائی کرتے ہیں | طرف | صراط | مستقیم کی | ۴۲:۵۲ | راستہ | اللہ کا | وہ ذات | اس کے لئے ہے

مَا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ ۗ أَلَآ إِلَى ٱللَّهِ تَصِيرُ ٱلْأُمُورُ ﴿٥٣﴾
جو | میں ہے | آسمانوں | اور جو، | میں | زمین (میں) ہے | خبردار | طرف | اللہ کی | رجوع کرتے ہیں، لوٹتے ہیں | تمام معاملات۔ سارے امور | ۴۲:۵۳

سُورَةُ الزُّخْرُفِ ٤٣ ٨٩

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حمٓ ﴿١﴾ وَٱلْكِتَٰبِ ٱلْمُبِينِ ﴿٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا
حم | ۴۳:۱ | قسم ہے کتاب کی | واضح | ۴۳:۲ | بیشک ہم نے | بنایا ہم نے اس کو | قرآن | عربی

لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٣﴾ وَإِنَّهُۥ فِىٓ أُمِّ ٱلْكِتَٰبِ لَدَيْنَا
تاکہ تم ، | تم سمجھ سکو | ۴۳:۳ | اور بیشک وہ | میں ہے | ام | الکتاب | ہمارے پاس

لَعَلِىٌّ حَكِيمٌ ﴿٤﴾ أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ ٱلذِّكْرَ صَفْحًا
البتہ بلند ہے ، | حکمت سے لبریز ہے | ۴۳:۴ | کیا بھلا ہم ہٹالیں | تم سے | ذکر کو | درگزر کرتے ہوئے۔ اعراض کرنے کی وجہ سے

أَن كُنتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِينَ ﴿٥﴾ وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِىٍّ فِى
کہ | ہو تم | ایک قوم | حد سے بڑھنے والی | ۴۳:۵ | اور کتنے ہی | بھیجے ہم نے | میں سے | نبیوں | میں

ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٦﴾ وَمَا يَأْتِيهِم مِّن نَّبِىٍّ إِلَّا كَانُوا۟ بِهِۦ يَسْتَهْزِءُونَ
پہلوں | ۴۳:۶ | اور نہیں | آیا ان کے پاس | کوئی | نبی | مگر | وہ تھے | ساتھ اس کے | استہزاء کرتے۔ مذاق اڑاتے

﴿٧﴾ فَأَهْلَكْنَآ أَشَدَّ مِنْهُم بَطْشًا وَمَضَىٰ مَثَلُ ٱلْأَوَّلِينَ
۴۳:۷ | تو ہلاک کردیا ہم نے | سب سے طاقتور کو | ان میں سے | پکڑ میں | اور گزر چکی | مثال | پہلوں کی

﴿٨﴾ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ
۴۳:۸ | اور البتہ اگر | تم پوچھو ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | البتہ وہ ضرور کہیں گے

خَلَقَهُنَّ ٱلْعَزِيزُ ٱلْعَلِيمُ ﴿٩﴾ ٱلَّذِى جَعَلَ لَكُمُ ٱلْأَرْضَ
پیدا کیا ان کو | زبردست۔ غالب ، | علم والے نے | ۴۳:۹ | جس نے | بنایا | تمہارے لئے | زمین کو

مَهْدًا وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٠﴾
گہوارہ | اور بنائے | تمہارے لئے | اس میں | راستے | تاکہ تم ، | تم ہدایت پاؤ | ۴۳:۱۰

۵۲. اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روح کو اتارا ہے ، آپ اس سے پہلے یہ بھی نہیں جانتے تھے کہ کتاب اور ایمان کیا چیز ہے لیکن ہم نے اسے نور بنایا ، اس کے ذریعے سے اپنے بندوں میں جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں بیشک آپ راہ راست کی رہنمائی کر رہے ہیں ۔

۵۳. اس اللہ کی راہ جس کی ملکیت میں آسمانوں اور زمین کی ہرچیز ہے ۔ آگاہ رہو سب کام اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لوٹتے ہیں ۔

سورۃ الزّخرف
مکہ
سورہ نمبر: ۴۳ آیات: ۸۹

۱. حم

۲. قسم ہے اس واضح کتاب کی ۔

۳. ہم نے اسکو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے کہ تم سمجھ لو ۔

۴. یقیناً یہ لوح محفوظ میں ہے اور ہمارے نزدیک بلند مرتبہ حکمت والی ہے ۔

۵. کیا ہم اس نصیحت کو تم سے اس بنا پر ہٹا لیں کہ تم حد سے گزر جانے والے لوگ ہو ۔

۶. اور ہم نے اگلے لوگوں میں بھی کتنے ہی نبی بھیجے ۔

۷. جو نبی ان کے پاس آیا انہوں نے اس کا مذاق اڑایا ۔

۸. پس ہم نے ان سے زیادہ زورآوروں کو تباہ کر ڈالا اور اگلوں کی مثال گزر چکی ہے ۔

۹. اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو یقیناً ان کا جواب یہی ہوگا کہ انہیں غالب و دانا (اللہ) ہی نے پیدا کیا ہے ۔

۱۰. وہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو فرش (بچھونا) بنایا اور اس میں تمہارے لئے راستے کر دیئے تاکہ تم راہ پا لیا کرو ۔

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا
اور وہی ذات ہے | جس نے نازل کیا | سے | آسمان | پانی | ساتھ اندازے کے | پھر زندہ کیا ہم نے | اس کے ذریعے | زمین کو | مردہ

كَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ ﴿١١﴾ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ
اسی طرح | تم نکالو جاؤ گے | ۴۳:۱۱ | اور وہ ذات | جس نے بنائے | جوڑے | سارے کے سارے اس کے | اور اس نے بنایا

لَكُمْ مِنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ﴿١٢﴾ لِتَسْتَوُوا عَلَىٰ ظُهُورِهِ
تمہارے لئے | سے | کشتیوں میں (سے) | اور مویشیوں میں سے | جو | تم سواری کرتے ہو | ۴۳:۱۲ | تاکہ تم جم کر بیٹھو | پر | ان کی پشتوں

ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُولُوا سُبْحَانَ
پھر | تم یاد کرو | نعمت کو | اپنے رب کی | جب | سوار ہو تم | اس پر | اور تم کہو | پاک ہے

الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ﴿١٣﴾ وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا
وہ ذات | جس نے مسخر کیا | ہمارے لئے | اس کو | اور نہ | تھے ہم | اس کے لئے | قابو میں لانے والے | ۴۳:۱۳ | اور بیشک ہم | طرف | اپنے رب کی

لَمُنْقَلِبُونَ ﴿١٤﴾ وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا ۚ إِنَّ الْإِنْسَانَ
البتہ پلٹنے والے ہیں | ۴۳:۱۴ | اور انہوں نے بنادیا | اس کے لئے | میں سے | اس کے بندوں | ایک جزو- حصہ بیشک | انسان

لَكَفُورٌ مُبِينٌ ﴿١٥﴾ أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُمْ
البتہ ناشکرا ہے | کھلم کھلا | ۴۳:۱۵ | یا | اس نے انتخاب کرلیں | اس میں سے جو | وہ پیدا کرتا ہے | بیٹیاں | اور چن لیا تم کو

بِالْبَنِينَ ﴿١٦﴾ وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَٰنِ مَثَلًا
ساتھ بیٹوں کے | ۴۳:۱۶ | حالانکہ جب | خوش خبری دی جاتی ہے | ان میں سے کسی ایک کو | ساتھ اس کے جو | اس نے بیان کیا | رحمن کے لئے | مثال

ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ ﴿١٧﴾ أَوَمَنْ يُنَشَّأُ فِي
ہوجاتا ہے | اس کا چہرا | سیاہ | اور وہ | غم کے گھونٹ پینے والا ہوتا | ۴۳:۱۷ | کیا بھلا جو | پالا جاتا ہے | میں

الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ ﴿١٨﴾ وَجَعَلُوا الْمَلَائِكَةَ
زیورات (میں) | اور وہ | میں | جھگڑے | غیر | واضح ہو | ۴۳:۱۸ | اور انہوں نے بنا لیے | فرشتوں کو

الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَٰنِ إِنَاثًا ۚ أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ ۚ سَتُكْتَبُ
ان کو | وہ جو | بندے ہیں | رحمن کے | عورتیں- بیٹیاں | کیا وہ گواہ تھے- کیا وہ حاضر تھے | ان کی ساخت- ان کی تخلیق کے وقت | ضرور لکھی جائے گی

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوا لَوْ شَاءَ الرَّحْمَٰنُ مَا عَبَدْنَاهُمْ ۗ
ان کی گواہی | اور وہ پوچھے جائیں گے | ۴۳:۱۹ | اور وہ کہتے ہیں | اگر | چاہتا | رحمن | نہ | ہم عبادت کرتے ان کی

مَا لَهُمْ بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٢٠﴾ أَمْ آتَيْنَاهُمْ
نہیں ان کے لئے | اس کے بارے میں | کوئی | علم | نہیں | وہ | مگر | اندازے لگا رہے ہیں | ۴۳:۲۰ | یا | دی ہم نے ان کو

كِتَابًا مِنْ قَبْلِهِ فَهُمْ بِهِ مُسْتَمْسِكُونَ ﴿٢١﴾ بَلْ قَالُوا إِنَّا
ایک کتاب | اس سے پہلے | تو وہ | اس کو | پکڑ رہے ہیں | ۴۳:۲۱ | بلکہ | انہوں نے کہا | بیشک ہم نے

وَجَدْنَا آبَاءَنَا عَلَىٰ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰ آثَارِهِمْ مُهْتَدُونَ ﴿٢٢﴾
پایا ہم نے | اپنے آباؤ اجداد کو | پر | ایک طریقے | اور بیشک ہم | پر | ان کے نقش قدم | ہدایت یافتہ ہیں- راہ پانے والے ہیں | ۴۳:۲۲

---

۱۱. اسی نے آسمان سے ایک اندازے کے مطابق پانی نازل فرمایا، پس ہم نے اس مردہ شہر کو زندہ کر دیا۔ اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔

۱۲. جس نے تمام چیزوں کے جوڑے بنائے اور تمہارے لئے کشتیاں بنائیں اور چوپائے جانور (پیدا کیے) جن پر تم سوار ہوتے ہو۔

۱۳. تاکہ تم ان کی پیٹھ پر جم کر سوار ہوا کرو پھر اپنے رب کی نعمت کو یاد کرو جب اس پر ٹھیک ٹھاک بیٹھ جاؤ اور کہو پاک ذات ہے اس کی جس نے ہمارے بس میں کر دیا حالانکہ ہمیں اسے قابو کرنے کی طاقت نہ تھی۔

۱۴. اور بالیقین ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

۱۵. اور انہوں نے اللہ کے بعض بندوں کو جز ٹھہرا دیا، یقیناً انسان کھلا ناشکرا ہے۔

۱۶. کیا اللہ نے اپنی مخلوق میں سے بیٹیاں تو خود رکھ لیں اور تمہیں بیٹوں سے نوازا۔

۱۷. (حالانکہ) ان میں سے کسی کو جب اس چیز کی خبر دی جائے جس کی مثال اس نے (اللہ) رحمٰن کے لئے بیان کی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ غمگین ہو جاتا ہے۔

۱۸. کیا (اللہ کی اولاد لڑکیاں ہیں) جو زیورات میں پلیں اور جھگڑے میں (اپنی بات) واضح نہ کر سکیں؟

۱۹. اور انہوں نے فرشتوں کو جو رحمٰن کے عبادت گزار ہیں عورتیں قرار دے لیا۔ کیا ان کی پیدائش کے موقع پر یہ موجود تھے؟ ان کی یہ گواہی لکھ لی جائے گی اور ان سے (اس چیز کی) باز پرس کی جائے گی۔

۲۰. اور کہتے ہیں اگر اللہ چاہتا تو ہم ان کی عبادت نہ کرتے انہیں اس کی کچھ خبر نہیں، یہ صرف اٹکل پچو (جھوٹ باتیں) کہتے ہیں۔

۲۱. کیا ہم نے انہیں اس سے پہلے کوئی (اور) کتاب دی ہے جسے یہ مضبوط تھامے ہوئے ہیں۔

۲۲. (نہیں نہیں) بلکہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک مذہب پر پایا اور ہم انہی کے نقش قدم پر چل کر راہ یافتہ ہیں۔

وَكَذَٰلِكَ مَآ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِى قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَآ
اور اسی طرح | نہیں | بھیجا ہم نے | آپ سے قبل | میں | کسی بستی | کوئی | ڈرانے والے کو | مگر | کہا | اس کے خوش حال لوگوں نے

إِنَّا وَجَدْنَآ ءَابَآءَنَا عَلَىٰٓ أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِم مُّقْتَدُونَ ﴿٢٣﴾
بیشک ہم نے | پایا ہم نے | اپنے آباؤ اجداد کو | پر | ایک طریقے | اور بیشک ہم | پر | ان کے نقش قدم (پر) | پیروی کرنے والے ہیں | ۴۳:۲۳

الحزب ۵۰
۞ قَٰلَ أَوَلَوْ جِئْتُكُم بِأَهْدَىٰ مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ ءَابَآءَكُمْ ۖ
اس نے کہا (نبی نے) | کیا بھلا اگر | میں لایا ہوں تمہارے پاس | زیادہ ہدایت والا | اس سے جو | پایا تم نے | اس پر | اپنے آباؤ اجداد کو

قَالُوٓا۟ إِنَّا بِمَآ أُرْسِلْتُم بِهِۦ كَٰفِرُونَ ﴿٢٤﴾ فَٱنتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ فَٱنظُرْ
انہوں نے کہا | بیشک ہم | ساتھ اس کے جو | بھیجے گئے تم | ساتھ اس کے | انکار کرنے والے ہیں | ۴۳:۲۴ | پس انتقام لیا ہم نے | ان سے | تو دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلْمُكَذِّبِينَ ﴿٢٥﴾ وَإِذْ قَالَ إِبْرَٰهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِۦٓ
کس طرح | ہوا | انجام | جھٹلانے والوں کا | ۴۳:۲۵ | اور جب | کہا | ابراہیم نے | اپنے والد سے | اور اپنی قوم سے

إِنَّنِى بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ ﴿٢٦﴾ إِلَّا ٱلَّذِى فَطَرَنِى فَإِنَّهُۥ سَيَهْدِينِ
بیشک میں بے زار ہوں | اس سے | جو تم عبادت کرتے ہو | ۴۳:۲۶ | مگر | وہ ذات | جس نے پیدا کیا مجھ کو | تو بیشک وہ | عنقریب رہنمائی کرے گی میری

﴿٢٧﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِى عَقِبِهِۦ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٢٨﴾ بَلْ
۴۳:۲۷ | اور اس نے بنادیا اس کو | ایک بات | باقی رہنے والی | میں | اس کی اولاد میں - اس کے پیچھے | شاید کہ وہ | وہ لوٹ آئیں | ۴۳:۲۸ | بلکہ

مَتَّعْتُ هَٰٓؤُلَآءِ وَءَابَآءَهُمْ حَتَّىٰ جَآءَهُمُ ٱلْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ ﴿٢٩﴾
میں نے سامان زندگی دیا | ان لوگوں کو | اور ان کے آباؤ اجداد کو | یہاں تک کہ | آگیا ان کے پاس | حق | اور رسول | کھول کر بیان کرنے والا | ۴۳:۲۹

وَلَمَّا جَآءَهُمُ ٱلْحَقُّ قَالُوا۟ هَٰذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِۦ كَٰفِرُونَ ﴿٣٠﴾ وَقَالُوا۟
اور جب | آگیا ان کے پاس | حق | انہوں نے کہا | یہ | جادو ہے | اور بیشک ہم | اس کا | انکار کرنے والے ہیں | ۴۳:۳۰ | اور انہوں نے کہا

لَوْلَا نُزِّلَ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانُ عَلَىٰ رَجُلٍ مِّنَ ٱلْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ ﴿٣١﴾ أَهُمْ
کیوں نہیں نازل کیا گیا | یہ | قرآن | اوپر | کسی شخص کے | سے | دو بستیوں میں | عظمت والے - بڑے | ۴۳:۳۱ | کیا وہ

يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۚ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ فِى ٱلْحَيَوٰةِ
تقسیم کرتے پھرتے ہیں | رحمت | تیرے رب کی | ہم نے | تقسیم کی | ان کے درمیان | ان کی معیشت | میں | زندگی

ٱلدُّنْيَا ۚ وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُم
دنیا کی | اور بلند کیا ہم نے | ان میں سے بعض کو | پر | بعض | درجوں میں | تاکہ بنائیں | ان میں سے بعض

بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ ﴿٣٢﴾ وَلَوْلَآ
بعض کو | خدمت گار - تابع دار | اور رحمت | تیرے رب کی | بہتر ہے | ہراس چیز سے | جو وہ جمع کررہے ہیں | ۴۳:۳۲ | اور اگر نہ ہوتی یہ بات

أَن يَكُونَ ٱلنَّاسُ أُمَّةً وَٰحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَن يَكْفُرُ بِٱلرَّحْمَٰنِ
کہ | ہوجائیں گے | لوگ | امت | ایک ہی | البتہ ہم کردیں | واسطے اس کے | جو کفر کرتا ہے | رحمن کے ساتھ

لِبُيُوتِهِمْ سُقُفًا مِّن فِضَّةٍ وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ ﴿٣٣﴾
ان کے گھروں کے لئے | چھتیں | سے | چاندی | اور سیڑھیاں | ان پر | وہ چڑھتے ہوں | ۴۳:۳۳

۲۳. اسی طرح آپ سے پہلے بھی ہم نے جس بستی میں کوئی ڈرانے والا بھیجا وہاں کے آسودہ حال لوگوں نے یہی جواب دیا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو (ایک راہ پر اور) ایک دین پر پایا اور ہم تو انہی کے نقش قدم کی پیروی کرنے والے ہیں۔

۲۴. (نبی نے) کہا بھی کہ اگرچہ میں تمہارے پاس اس سے بہتر (مقصود تک پہنچانے والا) طریقہ لے کر آیا ہوں جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو پایا، تو انہوں نے جواب دیا کہ ہم اس کے منکر ہیں جسے دے کر تمہیں بھیجا گیا ہے۔

۲۵. پس ہم نے ان سے انتقام لیا اور دیکھ لے جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا؟

۲۶. اور جبکہ ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے والد سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ میں ان چیزوں سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو۔

۲۷. بجز اس ذات کے جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور وہی مجھے ہدایت بھی کرے گا۔

۲۸. اور (ابراہیم علیہ السلام) اسی کو اپنی اولاد میں بھی باقی رہنے والی بات قائم کرے گا تاکہ لوگ (شرک سے) باز آتے رہیں۔

۲۹. بلکہ میں نے ان لوگوں کو اور ان کے باپ دادوں کو سامان (اور اسباب) دیا، یہاں تک کہ ان کے پاس حق اور صاف صاف سنانے والا رسول آگیا۔

۳۰. اور حق کے پہنچتے ہی یہ بول پڑے کہ یہ جادو ہے اور ہم اس کے منکر ہیں۔

۳۱. اور کہنے لگے، یہ قرآن ان دونوں بستیوں میں کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہیں کیا گیا۔

۳۲. کیا آپ کے رب کی رحمت کو یہ تقسیم کرتے ہیں؟ ہم نے ہی ان کی زندگانی دنیا کی روزی ان میں تقسیم کی ہے اور ایک کو دوسرے سے بلند کیا ہے تاکہ ایک دوسرے کو ماتحت کر لے جسے یہ لوگ سمیٹتے پھرتے ہیں اس سے آپ کے رب کی رحمت بہت ہی بہتر ہے۔

۳۳. اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تمام لوگ ایک ہی طریقہ پر ہوجائیں گے تو رحمٰن کے ساتھ کفر کرنے والوں کے گھروں کی چھتوں کو ہم چاندی کی بنا دیتے۔ اور زینوں کو (بھی) جن پر چڑھا کرتے۔

وَلِبُيُوتِهِمْ أَبْوَٰبًا وَسُرُرًا عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔونَ ﴿٣٤﴾ وَزُخْرُفًا ۚ وَإِن
اور ان کے گھروں لئے | دروازے | اور تخت | اس پر | وہ تکیہ لگاتے ہوں | ۴۳:۳۴ | اور سونے کے | اور بیشک

كُلُّ ذَٰلِكَ لَمَّا مَتَٰعُ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا ۚ وَٱلْـَٔاخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ
سب | سامان ہے | اگرچہ | سامان ہے | زندگی | دنیا کی کا | اور آخرت | ہاں | تیرے رب کے

لِلْمُتَّقِينَ ﴿٣٥﴾ وَمَن يَعْشُ عَن ذِكْرِ ٱلرَّحْمَٰنِ نُقَيِّضْ لَهُۥ شَيْطَٰنًا
متقی لوگوں کے لئے | ۴۳:۳۵ | اور جو | غفلت برتتا ہے - اندھا بنتا ہے | سے | ذکر | رحمن کے | ہم مقرر کردیتے ہیں | اس کے لئے | ایک شیطان

فَهُوَ لَهُۥ قَرِينٌ ﴿٣٦﴾ وَإِنَّهُمْ لَيَصُدُّونَهُمْ عَنِ ٱلسَّبِيلِ وَيَحْسَبُونَ
تو وہ | اس کا | دوست ہوجاتا ہے | ۴۳:۳۶ | اور بیشک وہ | البتہ روکتے ہیں ان کو | سے | راستے | اور وہ سمجھتے ہیں

أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ ﴿٣٧﴾ حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءَنَا قَالَ يَٰلَيْتَ بَيْنِى وَبَيْنَكَ
بیشک وہ | ہدایت یافتہ ہیں | ۴۳:۳۷ | یہاں تک کہ | جب | وہ آئے گا ہمارے پاس | کہے گا | اے کاش | میرے درمیان | اور تمہارے درمیان

بُعْدَ ٱلْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ ٱلْقَرِينُ ﴿٣٨﴾ وَلَن يَنفَعَكُمُ ٱلْيَوْمَ
دوری ہوتی | دو مشرقوں کی | تو بہت برا | ساتھی (نکلا) | ۴۳:۳۸ | اور ہرگز نہیں | نفع دے گا تم کو | آج

إِذ ظَّلَمْتُمْ أَنَّكُمْ فِى ٱلْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ﴿٣٩﴾ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ
جب | ظلم کیا تم نے | بیشک تم | میں | عذاب | مشترک ہو | ۴۳:۳۹ | کیا بھلا تو | تو سنوائے گا

ٱلصُّمَّ أَوْ تَهْدِى ٱلْعُمْىَ وَمَن كَانَ فِى ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٤٠﴾ فَإِمَّا
بہروں کو | یا | تو راہ دکھائے گا | اندھوں کو | اور کوئی ہو | وہ | میں | گمراہی | کھلی | ۴۳:۴۰ | پھر اگر

نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُم مُّنتَقِمُونَ ﴿٤١﴾ أَوْ نُرِيَنَّكَ ٱلَّذِى
ہم لے جائیں | تجھ کو | تو بیشک ہم | ان سے | انتقام لینے والے ہیں | ۴۳:۴۱ | یا | ہم دکھائیں آپ کو | وہ چیز

وَعَدْنَٰهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِم مُّقْتَدِرُونَ ﴿٤٢﴾ فَٱسْتَمْسِكْ بِٱلَّذِىٓ أُوحِىَ
وعدہ کیا ہم نے ان سے | تو بیشک ہم | ان پر | قدرت رکھنے والے | ۴۳:۴۲ | پس مضبوط تھام لو | اس چیز کو | جو وحی کی جاتی ہے

إِلَيْكَ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٤٣﴾ وَإِنَّهُۥ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۖ
آپ کی طرف | بیشک آپ | پر ہیں | راستے | سیدھے | ۴۳:۴۳ | اور بیشک وہ | البتہ ذکر ہے | تیرے لئے | اور تیری قوم کے لئے

وَسَوْفَ تُسْـَٔلُونَ ﴿٤٤﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَآ
اور عنقریب | تم پوچھے جاؤ گے | ۴۳:۴۴ | اور پوچھ لیجئے | جس کو | بھیجا ہم نے | آپ سے قبل | میں سے | اپنے رسولوں

أَجَعَلْنَا مِن دُونِ ٱلرَّحْمَٰنِ ءَالِهَةً يُعْبَدُونَ ﴿٤٥﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا
کیا بنائے ہم نے | سوا | رحمن کے | کچھ الٰہ | ان کی عبادت کی جائے | ۴۳:۴۵ | اور البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے

مُوسَىٰ بِـَٔايَٰتِنَآ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَإِي۟هِۦ فَقَالَ إِنِّى رَسُولُ رَبِّ
موسیٰ کو | ساتھ اپنی نشانیوں کے | طرف | فرعون کے | اور اس کے سرداروں کے | تو اس نے کہا | بیشک میں | رسول ہوں | رب کے

ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٤٦﴾ فَلَمَّا جَآءَهُم بِـَٔايَٰتِنَآ إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ ﴿٤٧﴾
جہانوں کا | ۴۳:۴۶ | پھر جب | وہ لایا ان کے پاس | ہماری آیات - نشانیاں | تب | وہ | ان پر - سے | ہنستے تھے | ۴۳:۴۷

٣٤. اور ان کے گھروں کے دروازے اور تخت بھی جن پر وہ تکیہ لگا لگا کر بیٹھتے۔
٣٥. اور سونے کے بھی اور یہ سب کچھ یونہی سا دنیا کی زندگی کا فائدہ ہے اور آخرت تو آپ کے رب کے نزدیک (صرف) پرہیزگاروں کے لئے (ہی) ہے۔
٣٦. اور جو شخص رحمٰن کی یاد سے غفلت کرے ہم اس پر شیطان مقرر کر دیتے ہیں وہی اس کا ساتھی رہتا ہے۔
٣٧. اور وہ انہیں راہ سے روکتے ہیں اور یہ اسی خیال میں رہتے ہیں کہ یہ ہدایت یافتہ ہیں۔
٣٨. یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا کہے گا کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق اور مغرب کی دوری ہوتی (تو) بڑا برا ساتھی ہے۔
٣٩. اور جب کہ تم ظالم ٹھہر چکے تو تمہیں آج ہرگز تم سب کا عذاب میں شریک ہونا کوئی نفع نہ دے گا۔
٤٠. کیا پس تو بہرے کو سنا سکتا ہے یا اندھے کو راہ دکھا سکتا ہے اور اسے جو کھلی گمراہی میں ہو۔
٤١. پس اگر ہم تجھے یہاں سے لے جائیں تو بھی ہم ان سے بدلہ لینے والے ہیں۔
٤٢. یا جو کچھ ان سے وعدہ کیا ہے وہ تجھے دکھا دیں ہم ان پر بھی قدرت رکھتے ہیں۔
٤٣. پس جو وحی آپ کی طرف کی گئی ہے اسے مضبوط تھامے رہیں، بیشک آپ راہ راست پر ہیں۔
٤٤. اور یقیناً (خود) آپ کے لئے اور آپ کی قوم کے لئے نصیحت ہے اور عنقریب تم لوگ پوچھے جاؤ گے۔
٤٥. اور ہمارے ان نبیوں سے پوچھو! جنہیں ہم نے آپ سے پہلے بھیجا تھا کہ کیا ہم نے سوائے رحمٰن کے اور معبود مقرر کئے تھے جن کی عبادت کی جائے۔
٤٦. اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے امراء کے پاس بھیجا تو (موسیٰ علیہ السلام نے جاکر) کہا کہ میں تمام جہانوں کے رب کا رسول ہوں۔
٤٧. پس جب وہ ہماری نشانیاں لے کر ان کے پاس آئے تو وہ بے ساختہ ان پر ہنسنے لگے۔

وَمَا نُرِيهِم مِّنْ ءَايَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا ۖ وَأَخَذْنَٰهُم

اور نہیں | ہم دکھاتے ان کو | کوئی | نشانی | مگر | وہ | زیادہ بڑی ہوتی تھی | سے | اپنی بہن | اور پکڑ لیا ہم نے ان کو

بِٱلْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿٤٨﴾ وَقَالُوا۟ يَٰٓأَيُّهَ ٱلسَّاحِرُ ٱدْعُ لَنَا

عذاب میں - ساتھ عذاب کے | تاکہ وہ | لوٹ آئیں | ۴۳:۴۸ | اور انہوں نے کہا | اے | جادوگر | دعا کرو | ہمارے لئے

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا

اپنے رب سے | بوجہ اس کے | جو اس نے عہد کیا | تیرے پاس | بیشک ہم | البتہ ہدایت یافتہ ہیں | ۴۳:۴۹ | پھر جب | کھول دیا ہم نے

عَنْهُمُ ٱلْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ﴿٥٠﴾ وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِى قَوْمِهِۦ

ان سے | عذاب کو | تب | وہ | پھرجاتے تھے | ۴۳:۵۰ | اور پکارا | فرعون نے | میں | اپنی قوم

قَالَ يَٰقَوْمِ أَلَيْسَ لِى مُلْكُ مِصْرَ وَهَٰذِهِ ٱلْأَنْهَٰرُ تَجْرِى مِن

کہا | اے میری قوم | کیا نہیں ہے | میرے لئے | بادشاہت | مصر کی | اور یہ | دریا - نہریں | جو بہتی ہیں | سے

تَحْتِىٓ ۖ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ﴿٥١﴾ أَمْ أَنَا۠ خَيْرٌ مِّنْ هَٰذَا ٱلَّذِى هُوَ مَهِينٌ

میرے نیچے | کیا پھر نہیں | تم دیکھتے | ۴۳:۵۱ | بلکہ | میں | بہتر ہوں | سے | اس (شخص) | جو | وہ | حقیر ہے

وَلَا يَكَادُ يُبِينُ ﴿٥٢﴾ فَلَوْلَآ أُلْقِىَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ مِّن ذَهَبٍ أَوْ جَآءَ

اور نہیں | قریب کہ وہ | وہ واضح بات کرے | ۴۳:۵۲ | تو کیوں نہیں | اتارے گئے | اس پر | کنگنیں | کے | سونے | یا | آئے

مَعَهُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِينَ ﴿٥٣﴾ فَٱسْتَخَفَّ قَوْمَهُۥ

اس کے ساتھ | فرشتے | ساتھ رہنے والے | ۴۳:۵۳ | تو ہلکا پایا اس نے | اپنی قوم کو

فَأَطَاعُوهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا۟ قَوْمًا فَٰسِقِينَ ﴿٥٤﴾ فَلَمَّآ ءَاسَفُونَا

تو انہوں نے اطاعت کی اس کی | بیشک وہ | تھے وہ | قوم - لوگ | فاسق | ۴۳:۵۴ | تو جب | انہوں نے ہم کو غصہ دلایا

ٱنتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٥٥﴾ فَجَعَلْنَٰهُمْ

انتقام لیا ہم نے | ان سے | تو غرق کردیا ہم نے | ان سب کو | ۴۳:۵۵ | تو بنادیا ہم نے ان کو

سَلَفًا وَمَثَلًا لِّلْءَاخِرِينَ ﴿٥٦﴾ ۞ وَلَمَّا ضُرِبَ ٱبْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا

١/٤ الحزب ٥٠

پیش رو | اور ایک مثال | بعد والوں کے لئے | ۴۳:۵۶ | اور جب | بیان کیا گیا | بیٹے کو | مریم کے | بطور مثال

إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ ﴿٥٧﴾ وَقَالُوٓا۟ ءَأَٰلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ

اچانک | تیری قوم | اس سے | تالیاں بجاتی ہے - چلاتی ہے | ۴۳:۵۷ | اور کہنے لگے | کیا ہمارے الہ | بہتر ہیں | یا

هُوَ ۚ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًۢا ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ ﴿٥٨﴾ إِنْ هُوَ

وہ | نہیں | انہوں نے بیان کیا اس کو | تیرے لئے | مگر | جھگڑے کے طور پر | بلکہ | وہ | ایک قوم ہیں | جھگڑالو | ۴۳:۵۸ | نہیں | وہ

إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَٰهُ مَثَلًا لِّبَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ ﴿٥٩﴾

مگر | ایک بندہ | انعام کیا ہم نے | اس پر | اور بنادیا ہم نے اس کو | ایک مثال | اولاد کے لئے | اسرائیل کے | ۴۳:۵۹

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنكُم مَّلَٰٓئِكَةً فِى ٱلْأَرْضِ يَخْلُفُونَ ﴿٦٠﴾

اور اگر | ہم چاہیں | البتہ ہم بنادیں | تم سے | فرشتوں کو | میں | زمین (میں) | وہ جانشین ہوں | ۴۳:۶۰

۴۸. اور ہم نے انہیں جو نشانی دکھاتے تھے وہ دوسری سے بڑھی چڑھی ہوتی تھی اور ہم نے انہیں عذاب میں پکڑا تاکہ وہ باز آ جائیں۔

۴۹. اور انہوں نے کہا اے جادو گر! ہمارے لئے اپنے رب سے اس کی دعا کر جس کا اس نے تجھ سے وعدہ کر رکھا ہے، یقین مان کہ ہم راہ پر لگ جائیں گے۔

۵۰. پھر جب ہم نے وہ عذاب ان سے ہٹا لیا انہوں نے اسی وقت اپنا قول و اقرار توڑ دیا۔

۵۱. اور فرعون نے اپنی قوم میں منادی کرائی اور کہا اے میری قوم! کیا مصر کا ملک میرا نہیں؟ اور میرے (محلوں کے) نیچے یہ نہریں بہہ رہی ہیں کیا تم دیکھتے نہیں؟

۵۲. بلکہ میں بہتر ہوں بہ نسبت اس کے جو بےتوقیر ہے اور صاف بول بھی نہیں سکتا۔

۵۳. اچھا اس پر سونے کے کنگن کیوں نہیں آپڑے یا اس کے ساتھ پر باندھ کر فرشتے ہی آجاتے۔

۵۴. اس نے اپنی قوم کو بہلایا پھسلایا اور انہوں نے اسی کی مان لی یقیناً یہ سارے ہی نافرمان لوگ تھے۔

۵۵. پھر جب انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور سب کو ڈبو دیا۔

۵۶. پس ہم نے انہیں گیا گزرا کر دیا اور پچھلوں کے لئے مثال بنا دی۔

۵۷. اور جب ابن مریم کی مثال بیان کی گئی تو اس سے تیری قوم (خوشی سے) چیخنے لگی ہے۔

۵۸. اور انہوں نے کہا کہ ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ؟ تجھ سے ان کا یہ کہنا محض جھگڑے کی غرض سے ہے، بلکہ یہ لوگ ہیں جھگڑالو۔

۵۹. عیسیٰ (علیہ السلام) بھی صرف بندہ ہی ہے جس پر ہم نے احسان کیا اور اسے بنی اسرائیل کے لئے نشان قدرت بنایا۔

۶۰. اگر ہم چاہتے تو تمہارے عوض فرشتے کر دیتے جو زمین میں جانشینی کرتے۔

وَإِنَّهُۥ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَٱتَّبِعُونِ ۚ هَٰذَا صِرَٰطٌ
اور بیشک وہ | البتہ ایک علامت ہے | قیامت کی | تو نہ | (ہرگز) تم شک کرنا | اس کے ساتھ | اور پیروی کرو میری | یہ ہے | راستہ

مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ ٱلشَّيْطَٰنُ ۖ إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ
سیدھا | ٤٣:٦١ | اور نہ | (ہرگز) روکے تم کو | شیطان | بیشک وہ | تمہارے لئے | دشمن ہے | کھلا

﴿٦٢﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيسَىٰ بِٱلْبَيِّنَٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُم بِٱلْحِكْمَةِ
٤٣:٦٢ | اور جب | لائے | عیسیٰ | کھلی نشانیاں | اس نے کہا تحقیق | میں لایا ہوں تمہارے پاس | حکمت

وَلِأُبَيِّنَ لَكُم بَعْضَ ٱلَّذِى تَخْتَلِفُونَ فِيهِ ۖ فَٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَأَطِيعُونِ
اور تاکہ میں بیان کردوں | تمہارے لئے | بعض | وہ چیز | تم اختلاف کرتے ہو | جس میں | پس ڈرو | اللہ سے | اور اطاعت کرو میری

﴿٦٣﴾ إِنَّ ٱللَّهَ هُوَ رَبِّى وَرَبُّكُمْ فَٱعْبُدُوهُ ۚ هَٰذَا صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ
٤٣:٦٣ | بیشک | اللہ تعالیٰ | وہ | رب ہے میرا | اور رب تمہارا | پس عبادت کرو اس کی | یہ ہے | راستہ | سیدھا

﴿٦٤﴾ فَٱخْتَلَفَ ٱلْأَحْزَابُ مِنۢ بَيْنِهِمْ ۖ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا۟
٤٣:٦٤ | پس اختلاف کیا | گروہوں نے | سے | ان کے درمیان | پس ہلاکت ہے | ان لوگوں کے لئے | جنہوں نے ظلم کیا

مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا ٱلسَّاعَةَ أَن
سے | عذاب | دن کے | دردناک | ٤٣:٦٥ | نہیں | وہ انتظار کرتے | مگر | قیامت کا | کہ

تَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٦٦﴾ ٱلْأَخِلَّآءُ يَوْمَئِذٍۭ
آجائے ان کے پاس | اچانک | اور وہ | نہ | شعور رکھتے ہوں | ٤٣:٦٦ | دوستوں | اس دن

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا ٱلْمُتَّقِينَ ﴿٦٧﴾ يَٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ
ان میں سے بعض | بعض کے لئے | دشمن ہوں گے | مگر | تقوی والے | ٤٣:٦٧ | اے میرے بندو | نہیں | کوئی خوف

عَلَيْكُمُ ٱلْيَوْمَ وَلَآ أَنتُمْ تَحْزَنُونَ ﴿٦٨﴾ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا
تم پر | آج | اور نہ | تم | تم غمگین ہو گے | ٤٣:٦٨ | وہ لوگ | جو ایمان لائے | ہماری آیات پر

وَكَانُوا۟ مُسْلِمِينَ ﴿٦٩﴾ ٱدْخُلُوا۟ ٱلْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَٰجُكُمْ
اور تھے وہ | مسلمان (ان سے کہا جائے گا) | ٤٣:٦٩ | داخل ہوجاؤ | جنت میں | تم | اور تمہاری بیویاں

تُحْبَرُونَ ﴿٧٠﴾ يُطَافُ عَلَيْهِم بِصِحَافٍ مِّن ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ ۖ
خوشی سے | ٤٣:٧٠ | گردش کرائے جائیں گے | ان پر | بڑے پیالے | کے | سونے | اور ساغر

وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ ٱلْأَنفُسُ وَتَلَذُّ ٱلْأَعْيُنُ ۖ وَأَنتُمْ فِيهَا
اور اس میں | جو | تمنا کریں گے | نفس | اور لذت پائیں گی | نگاہیں | اور تم | ان میں

خَٰلِدُونَ ﴿٧١﴾ وَتِلْكَ ٱلْجَنَّةُ ٱلَّتِىٓ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ
ہمیشہ رہنے والے ہو | ٤٣:٧١ | اور یہ | جنت | وہ جو | تم وارث بنائے گئے ہو اس کے | بوجہ اس کے | جو تھے تم

تَعْمَلُونَ ﴿٧٢﴾ لَكُمْ فِيهَا فَٰكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِّنْهَا تَأْكُلُونَ ﴿٧٣﴾
تم عمل کرتے | ٤٣:٧٢ | تمہارے لئے | اس میں | پھل ہوں گے | بہت سے | ان میں سے | تم کھاؤ گے | ٤٣:٧٣

٦١. اور یقیناً عیسیٰ (علیہ السلام) قیام کی نشانی ہے۔ پس تم (قیامت) کے بارے میں شک نہ کرو اور میری تابعداری کرو یہی سیدھی راہ ہے۔

٦٢. اور شیطان تمہیں روک نہ دے یقیناً وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔

٦٣. اور جب عیسیٰ (علیہ السلام) معجزے لائے تو کہا۔ کہ میں تمہارے پاس حکمت لیکر آیا ہوں اور اس لئے آیا ہوں کہ جن بعض چیزوں میں تم مختلف ہو، انہیں واضح کردوں، پس تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔

٦٤. میرا اور تمہارا رب فقط اللہ تعالیٰ ہی ہے پس تم سب اس کی عبادت کرو۔ راہ راست (یہی) ہے۔

٦٥. پھر (بنی اسرائیل) کی جماعتوں نے آپس میں اختلاف کیا، پس ظالموں کے لئے خرابی ہے دکھ والے دن کی آفت سے۔

٦٦. یہ لوگ صرف قیامت کے منتظر ہیں کہ وہ اچانک ان پر آپڑے اور انہیں خبر بھی نہ ہو۔

٦٧. اس دن دوست بھی ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں گے سوائے پرہیزگاروں کے۔

٦٨. میرے بندو! آج تم پر کوئی خوف (و ہراس) ہے اور نہ تم (بد دل اور) غمزدہ ہوگے۔

٦٩. اور جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور تھے بھی وہ (فرماں بردار) مسلمان۔

٧٠. تم اور تمہاری بیویاں ہشاش بشاش (راضی خوشی) جنت میں چلے جاؤ۔

٧١. ان کے چاروں طرف سے سونے کی رکابیاں اور سونے کے گلاسوں کا دور چلایا جائے گا ان کے جی جس چیز کی خواہش کریں اور جس سے ان کی آنکھیں لذت پائیں، سب وہاں ہوگا اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔

٧٢. یہی وہ بہشت ہے کہ تم اپنے اعمال کے بدلے اس کے وارث بنائے گئے ہو۔

٧٣. یہاں تمہارے لئے بکثرت میوے ہیں جنہیں تم کھاتے رہو گے۔

إِنَّ ٱلۡمُجۡرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَٰلِدُونَ ٧٤ لَا يُفَتَّرُ عَنۡهُمۡ وَهُمۡ

بیشک | مجرم لوگ | میں | عذاب | جہنم کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ۴۳:۷۴ | نہ | کم کیا جائے گا | ان سے | اور وہ

فِيهِ مُبۡلِسُونَ ٧٥ وَمَا ظَلَمۡنَٰهُمۡ وَلَٰكِن كَانُواْ هُمُ ٱلظَّٰلِمِينَ ٧٦

اس میں | مایوس ہوں گے | ۴۳:۷۵ | اور نہیں | ظلم کیا ہم نے ان پر | لیکن | تھے وہ | وہی | ظلم کرنے والے | ۴۳:۷۶

وَنَادَوۡاْ يَٰمَٰلِكُ لِيَقۡضِ عَلَيۡنَا رَبُّكَۖ قَالَ إِنَّكُم مَّٰكِثُونَ ٧٧ لَقَدۡ

اور وہ پکاریں گے | اے مالک | چاہیے کہ فیصلہ کردے | ہم پر | تیرا رب | کہے گا | بیشک تم | تم (اسی میں) رہنے والے ہو | ۴۳:۷۷ | البتہ تحقیق

جِئۡنَٰكُم بِٱلۡحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكۡثَرَكُمۡ لِلۡحَقِّ كَٰرِهُونَ ٧٨ أَمۡ أَبۡرَمُوٓاْ أَمۡرٗا

لائے ہم تمہارے پاس | حق | لیکن | اکثر تمہارے | حق کو | ناپسند کرنے والے تھے | ۴۳:۷۸ | بلکہ | انہوں نے مقرر کیا | ایک کام

فَإِنَّا مُبۡرِمُونَ ٧٩ أَمۡ يَحۡسَبُونَ أَنَّا لَا نَسۡمَعُ سِرَّهُمۡ وَنَجۡوَىٰهُمۚ بَلَىٰ

تو بیشک ہم | مقرر کرنے والے ہیں | ۴۳:۷۹ | یا | وہ سمجھتے ہیں | بیشک ہم | نہیں | ہم سنتے | ان کی راز کی باتیں | اور ان کی سرگوشیاں | کیوں نہیں

وَرُسُلُنَا لَدَيۡهِمۡ يَكۡتُبُونَ ٨٠ قُلۡ إِن كَانَ لِلرَّحۡمَٰنِ وَلَدٞ فَأَنَا۠ أَوَّلُ

اور ہمارے بھیجے ہوئے | ان کے پاس | لکھ رہے ہیں | ۴۳:۸۰ | کہہ دیجئے | اگر | ہے | رحمن کے لئے | کوئی بیٹا، اولاد | تو میں | سب سے پہلا ہوں

ٱلۡعَٰبِدِينَ ٨١ سُبۡحَٰنَ رَبِّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ رَبِّ ٱلۡعَرۡشِ

عبادت کرنے والوں میں | ۴۳:۸۱ | پاک ہے | رب | آسمانوں کا | اور زمین کا | رب | عرش کا

عَمَّا يَصِفُونَ ٨٢ فَذَرۡهُمۡ يَخُوضُواْ وَيَلۡعَبُواْ حَتَّىٰ يُلَٰقُواْ يَوۡمَهُمُ

اس سے | جو وہ بیان کرتے ہیں | ۴۳:۸۲ | تو چھوڑ دو ان کو | بحثیں کریں | اور کھیلتے رہیں | یہاں تک کہ | وہ جاملیں | اپنے دن سے

ٱلَّذِي يُوعَدُونَ ٨٣ وَهُوَ ٱلَّذِي فِي ٱلسَّمَآءِ إِلَٰهٞ وَفِي ٱلۡأَرۡضِ

وہ جو | وہ وعدہ کیے جاتے ہیں | ۴۳:۸۳ | اور وہ اللہ | وہ ذات ہے جو | میں | آسمان | الٰہ ہے | اور میں | زمین

إِلَٰهٞۚ وَهُوَ ٱلۡحَكِيمُ ٱلۡعَلِيمُ ٨٤ وَتَبَارَكَ ٱلَّذِي لَهُۥ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ

الٰہ ہے | اور وہ | حکمت والا ہے، | علم والا ہے | ۴۳:۸۴ | اور بابرکت ہے | وہ ذات | اس کے لئے ہے | بادشاہت | آسمانوں کی

وَٱلۡأَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَعِندَهُۥ عِلۡمُ ٱلسَّاعَةِ وَإِلَيۡهِ تُرۡجَعُونَ

اور زمین کی | اور جو کچھ | ان دونوں کے درمیان ہے | اور اسی کے پاس ہے | علم | قیامت کا | اور اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے

٨٥ وَلَا يَمۡلِكُ ٱلَّذِينَ يَدۡعُونَ مِن دُونِهِ ٱلشَّفَٰعَةَ إِلَّا

۴۳:۸۵ | اور نہیں | اختیار رکھتے ہیں | وہ لوگ | جن کو وہ پکارتے ہیں | اس کے سوا | شفاعت کے | مگر

مَن شَهِدَ بِٱلۡحَقِّ وَهُمۡ يَعۡلَمُونَ ٨٦ وَلَئِن سَأَلۡتَهُم مَّنۡ خَلَقَهُمۡ

جو | گواہی دے | حق کے ساتھ | اور وہ، | وہ جانتے ہوں | ۴۳:۸۶ | اور البتہ اگر | پوچھو تم ان سے | کس نے | پیدا کیا ان کو

لَيَقُولُنَّ ٱللَّهُۖ فَأَنَّىٰ يُؤۡفَكُونَ ٨٧ وَقِيلِهِۦ يَٰرَبِّ إِنَّ هَٰٓؤُلَآءِ قَوۡمٞ

البتہ ضرور کہیں گے | اللہ تعالیٰ نے | تو کہاں سے | وہ دھوکہ کھا رہے ہیں - پھرائے جاتے ہیں | ۴۳:۸۷ | ان کا یہ کہنا | اے میرے رب | بیشک | یہ | قوم

لَّا يُؤۡمِنُونَ ٨٨ فَٱصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ وَقُلۡ سَلَٰمٞۚ فَسَوۡفَ يَعۡلَمُونَ ٨٩

نہیں | ایمان رکھتی | ۴۳:۸۸ | پس آپ منہ پھیر لیں | ان سے | اور کہو | سلام | پس عنقریب | وہ جان لیں گے | ۴۳:۸۹

۷۴. بیشک گنہگار لوگ عذاب دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

۷۵. یہ عذاب کبھی بھی ان سے ہلکا نہ کیا جائے گا اور وہ اسی میں مایوس پڑے رہیں گے۔

۷۶. اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود ہی ظالم تھے۔

۷۷. اور پکار پکار کر کہیں گے کہ اے مالک! تیرا رب ہمارا کام ہی تمام کر دے وہ کہے گا کہ تمہیں تو (ادھر ہی ہمیشہ) رہنا ہے۔

۷۸. ہم تو تمہارے پاس حق لے آئے ہیں لیکن تم میں اکثر لوگ حق سے نفرت رکھنے والے تھے۔

۷۹. کیا انہوں نے کسی کام کا پختہ ارادہ کرلیا ہے تو یقین مانو کہ ہم بھی پختہ کام کرنے والے ہیں۔

۸۰. کیا ان کا یہ خیال ہے کہ ہم ان کی پوشیدہ باتوں کو اور ان کی سرگوشیوں کو نہیں سن سکتے (یقیناً ہم برابر سن رہے ہیں) بلکہ ہمارے بھیجے ہوئے ان کے پاس ہی لکھ رہے ہیں۔

۸۱. آپ کہہ دیجئے! اگر بالفرض رحمٰن کی اولاد ہو تو میں سب سے پہلے عبادت کرنے والا ہوتا۔

۸۲. آسمان زمین اور عرش کا رب جو کچھ یہ بیان کرتے ہیں اس (سے) بہت پاک ہے۔

۸۳. اب آپ انہیں اس بحث مباحثہ اور کھیل کود میں چھوڑ دیجئے یہاں تک کہ انہیں اس دن سابقہ پڑ جائے جن کا یہ وعدہ دیئے جاتے ہیں۔

۸۴. وہی آسمانوں میں معبود ہے اور زمین میں بھی وہی قابل عبادت ہے اور وہ بڑی حکمت والا اور پورے علم والا ہے۔

۸۵. اور وہ بہت برکتوں والا ہے جس کے پاس آسمان اور زمین اور ان کے درمیان کی بادشاہت اور قیامت کا علم بھی اس کے پاس ہے اور اسی کی جانب تم سب لوٹائے جاؤ گے۔

۸۶. جنہیں یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ شفاعت کرنے کا اختیار نہیں رکھتے۔ ہاں (مستحق شفاعت وہ ہیں) جو حق بات کا اقرار کریں اور انہیں علم بھی ہو۔

۸۷. اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے؟ تو یقیناً جواب دیں گے اللہ نے، پھر یہ کہاں الٹے جاتے ہیں۔

۸۸. اور ان کا (پیغمبر کا اکثر) یہ کہنا کہ اے میرے رب! یقیناً یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان نہیں لاتے۔

۸۹. پس آپ ان سے منہ پھیر لیں اور کہہ دیں۔ (اچھا بھائی) سلام! انہیں عنقریب (خود ہی) معلوم ہو جائے گا۔

سورة الدّخان
مکہ
سورہ نمبر: ٤٤ آیات: ٥٩

١. حم
٢. قسم ہے اس وضاحت والی کتاب کی۔
٣. یقیناً ہم نے اسے بابرکت رات میں اتارا ہے بیشک ہم ڈرانے والے ہیں
٤. اسی رات میں ہر ایک مضبوط کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے
٥. ہمارے پاس سے حکم ہو کر۔ ہم ہی ہیں رسول بنا کر بھیجنے والے۔
٦. آپ کے رب کی مہربانی سے، وہی سننے والا جاننے والا۔
٧. جو رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، اگر تم یقین کرنے والے ہو۔
٨. کوئی معبود نہیں اس کے سوا وہی جلاتا ہے اور مارتا ہے، وہی تمہارا رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا۔
٩. بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔
١٠. آپ اس دن کے منتظر رہیں جب کہ آسمان ظاہر دھواں لائے گا۔
١١. جو لوگوں کو گھیر لے گا، یہ دردناک عذاب ہے۔
١٢. کہیں گے اے ہمارے رب! یہ آفت ہم سے دور کر ہم ایمان قبول کرتے ہیں۔
١٣. ان کے لئے نصیحت کہاں ہے؟ کھول کھول کر بیان کرنے والے پیغمبر ان کے پاس آچکے۔
١٤. پھر بھی انہوں نے منہ پھیرا اور کہہ دیا کہ سکھایا پڑھایا ہوا باؤلا ہے۔
١٥. ہم عذاب کو تھوڑا دور کر دیں گے تو تم پھر اپنی سی حالت پر آجاؤ گے۔
١٦. جس دن ہم بڑی سخت پکڑ پکڑیں گے بالیقین ہم بدلہ لینے والے ہیں۔
١٧. یقیناً ان سے پہلے ہم قوم فرعون کو (بھی) آزما چکے ہیں جن کے پاس (اللہ کا) با عزت رسول آیا۔
١٨. کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کر دو، یقین مانو کہ میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔

سُورَةُ الدُّخَانِ
٤٤ — ٥٩

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حمٓ ١ وَٱلۡكِتَٰبِ ٱلۡمُبِينِ ٢ إِنَّآ أَنزَلۡنَٰهُ فِي لَيۡلَةٖ مُّبَٰرَكَةٍۚ
حم | ٤٤:١ | قسم ہے کتاب | روشن کی | ٤٤:٢ | بیشک ہم نے | نازل کیا ہم نے اس کو | میں | ایک رات | بابرکت

إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ ٣ فِيهَا يُفۡرَقُ كُلُّ أَمۡرٍ حَكِيمٍ ٤ أَمۡرٗا
بیشک ہم | تھے ہم | ڈرانے والے۔ متنبہ کرنے والے | ٤٤:٣ | اس میں | فیصلہ کیا جاتا ہے | ہر | کام کا | مضبوط | ٤٤:٤ | ایک حکم

مِّنۡ عِندِنَآۚ إِنَّا كُنَّا مُرۡسِلِينَ ٥ رَحۡمَةٗ مِّن رَّبِّكَۚ إِنَّهُۥ هُوَ
سے | ہماری طرف۔ ہمارے پاس | بیشک ہم | تھے ہم | بھیجنے والے | ٤٤:٥ | رحمت کے طور پر | سے | تیرے رب کی طرف | بیشک وہ | وہ

ٱلسَّمِيعُ ٱلۡعَلِيمُ ٦ رَبِّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَآۖ
سننے والا ہے | علم والا ہے | ٤٤:٦ | رب ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور جو | ان دونوں کے درمیان

إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ ٧ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحۡيِۦ وَيُمِيتُۖ رَبُّكُمۡ
اگر | ہو تم | یقین کرنے والے | ٤٤:٧ | نہیں | کوئی الٰہ برحق | مگر | وہی | وہ زندہ کرتا ہے | اور وہ موت دیتا ہے | رب تمہارا

وَرَبُّ ءَابَآئِكُمُ ٱلۡأَوَّلِينَ ٨ بَلۡ هُمۡ فِي شَكّٖ يَلۡعَبُونَ ٩
اور رب تمہارے | آباؤاجداد کا | پہلوں کا | ٤٤:٨ | بلکہ | وہ | میں | شک | کھیل رہے ہیں | ٤٤:٩

فَٱرۡتَقِبۡ يَوۡمَ تَأۡتِي ٱلسَّمَآءُ بِدُخَانٖ مُّبِينٖ ١٠ يَغۡشَى ٱلنَّاسَۖ
پس انتظار کرو | جس دن | آئے گا | آسمان | ساتھ دھوئیں کے | کھلے | ٤٤:١٠ | ڈھانپ لے گا | لوگوں کو

هَٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٞ ١١ رَّبَّنَا ٱكۡشِفۡ عَنَّا ٱلۡعَذَابَ إِنَّا مُؤۡمِنُونَ
یہ ہے | عذاب | دردناک | ٤٤:١١ | (کہیں گے) اے ہمارے رب | مٹا دے | ہم سے | عذاب کو | بیشک ہم | ماننے والے ہیں

١٢ أَنَّىٰ لَهُمُ ٱلذِّكۡرَىٰ وَقَدۡ جَآءَهُمۡ رَسُولٞ مُّبِينٞ ١٣ ثُمَّ
٤٤:١٢ | کہاں سے ہے | ان کے لئے | نصیحت | اور تحقیق | آچکا ان کے پاس | رسول | مبین۔ بیان کرنے والا | ٤٤:١٣ | پھر

تَوَلَّوۡاْ عَنۡهُ وَقَالُواْ مُعَلَّمٞ مَّجۡنُونٌ ١٤ إِنَّا كَاشِفُواْ ٱلۡعَذَابِ قَلِيلًاۚ
وہ منہ موڑ گئے | اس سے | اور انہوں نے کہا | سکھایا پڑھایا ہے، | دیوانہ ہے | ٤٤:١٤ | بیشک ہم | ہٹانے والے ہیں | عذاب کو | تھوڑا سا

إِنَّكُمۡ عَآئِدُونَ ١٥ يَوۡمَ نَبۡطِشُ ٱلۡبَطۡشَةَ ٱلۡكُبۡرَىٰٓ إِنَّا مُنتَقِمُونَ
بیشک تم | لوٹنے والے ہو | ٤٤:١٥ | جس دن | ہم پکڑیں گے | پکڑ | بڑی | بیشک ہم | انتقام لینے والے ہیں

٢/٤ الحزب ٥٠
١٦ ۞ وَلَقَدۡ فَتَنَّا قَبۡلَهُمۡ قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ وَجَآءَهُمۡ رَسُولٞ كَرِيمٌ
٤٤:١٦ | اور البتہ تحقیق آزمایا ہم نے | ان سے قبل | قوم | فرعون کو | اور آیا ان کے پاس | رسول | کریم۔ عزت والا رسول

١٧ أَنۡ أَدُّوٓاْ إِلَيَّ عِبَادَ ٱللَّهِۖ إِنِّي لَكُمۡ رَسُولٌ أَمِينٞ ١٨
٤٤:١٧ | (اس نے کہا) کہ | حوالے کر دو میری طرف | بندوں | اللہ کے کو | بیشک میں | تمہارے لئے | رسول ہوں | امانت دار | ٤٤:١٨

وَأَن لَّا تَعْلُوا۟ عَلَى ٱللَّهِ ۖ إِنِّىٓ ءَاتِيكُم بِسُلْطَٰنٍ مُّبِينٍ ﴿١٩﴾ وَإِنِّى عُذْتُ
اور یہ کہ | نہ | تم سرکشی کرو | مقابلے پر | اللہ کے | بیشک میں | لایا ہوں تمہارے پاس | دلیل سے | کھلے | 44:19 | اور بیشک میں | میں پناہ لے چکا

بِرَبِّى وَرَبِّكُمْ أَن تَرْجُمُونِ ﴿٢٠﴾ وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا۟ لِى فَٱعْتَزِلُونِ ﴿٢١﴾
اپنے رب کی | اور تمہارے رب کی | کہ | تم سنگسار کرو مجھے | 44:20 | اور اگر | نہیں | تم مانو گے | میری بات | تو چھوڑ دو مجھ کو | 44:21

فَدَعَا رَبَّهُۥٓ أَنَّ هَٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ ﴿٢٢﴾ فَأَسْرِ بِعِبَادِى لَيْلًا إِنَّكُم
تو اس نے پکارا | اپنے رب کو | بیشک | یہ | لوگ | مجرم ہیں | 44:22 | تو لے چل | میرے بندوں کو | راتوں رات | بیشک تم

مُّتَّبَعُونَ ﴿٢٣﴾ وَٱتْرُكِ ٱلْبَحْرَ رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُندٌ مُّغْرَقُونَ ﴿٢٤﴾ كَمْ
تم پیچھا کیے جانے والے ہو | 44:23 | اور چھوڑ دو | سمندر کو | ساکن | بیشک وہ | لشکر ہے | غرق ہونے والا | 44:24 | کتنے ہی

تَرَكُوا۟ مِن جَنَّٰتٍ وَعُيُونٍ ﴿٢٥﴾ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ﴿٢٦﴾ وَنَعْمَةٍ
وہ چھوڑ گئے | میں سے | باغات | اور چشمے | 44:25 | اور کھیتیاں | اورمقام | عمدہ | 44:26 | اور نعمتیں ۔ آرام کی چیزیں

كَانُوا۟ فِيهَا فَٰكِهِينَ ﴿٢٧﴾ كَذَٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنَٰهَا قَوْمًا ءَاخَرِينَ ﴿٢٨﴾ فَمَا
تھے وہ | اس میں | عیش کرنے والے | 44:27 | اسی طرح | اور وارث بنا دیا ہم نے ان کا | قوم کو | دوسری | 44:28 | تو نہ

بَكَتْ عَلَيْهِمُ ٱلسَّمَآءُ وَٱلْأَرْضُ وَمَا كَانُوا۟ مُنظَرِينَ ﴿٢٩﴾ وَلَقَدْ
رویا | ان پر | آسمان | اور زمین | اور نہ | تھے وہ | مہلت دئیے جانے والے | 44:29 | اور البتہ تحقیق

نَجَّيْنَا بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ مِنَ ٱلْعَذَابِ ٱلْمُهِينِ ﴿٣٠﴾ مِن فِرْعَوْنَ ۚ إِنَّهُۥ
نجات دی ہم نے | بنی | اسرائیل کو | سے | عذاب (سے) | رسوا کن | 44:30 | سے | فرعون | بیشک وہ

كَانَ عَالِيًا مِّنَ ٱلْمُسْرِفِينَ ﴿٣١﴾ وَلَقَدِ ٱخْتَرْنَٰهُمْ عَلَىٰ عِلْمٍ عَلَى
تھا | سرکش | میں سے | حد سے بڑھنے والوں | 44:31 | اور البتہ تحقیق | ترجیح دی تھی ہم نے ان کو | باوجود | علم کے | پر

ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٣٢﴾ وَءَاتَيْنَٰهُم مِّنَ ٱلْءَايَٰتِ مَا فِيهِ بَلَٰٓؤٌا۟ مُّبِينٌ ﴿٣٣﴾
جہان والوں | 44:32 | اور دیں ہم نے ان کو | میں سے | نشانیوں | جو | اس میں | آزمائش تھی | کھلی | 44:33

إِنَّ هَٰٓؤُلَآءِ لَيَقُولُونَ ﴿٣٤﴾ إِنْ هِىَ إِلَّا مَوْتَتُنَا ٱلْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ
بیشک | یہ لوگ | البتہ کہتے ہیں | 44:34 | نہیں | یہ | مگر | ہماری موت | پہلی | اور نہیں | ہم

بِمُنشَرِينَ ﴿٣٥﴾ فَأْتُوا۟ بِـَٔابَآئِنَآ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ﴿٣٦﴾ أَهُمْ
اٹھائے جانے والے | 44:35 | پس لے آؤ | ہمارے باپ دادا کو | اگر | ہو تم | سچے | 44:36 | کیا وہ

خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَٰهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا۟
اچھے ہیں | یا | قوم | تبع کی | اور وہ لوگ | جو ان سے پہلے تھے | ہلاک کردیا ہم نے ان کو | بیشک وہ | تھے

مُجْرِمِينَ ﴿٣٧﴾ وَمَا خَلَقْنَا ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَٰعِبِينَ
مجرم لوگ | 44:37 | اور نہیں | پیدا کیا ہم نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | کھیل تماشے کے طور پر ۔ کھیلنے والے ہو کر

﴿٣٨﴾ مَا خَلَقْنَٰهُمَآ إِلَّا بِٱلْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٩﴾
44:38 | نہیں | پیدا کیا ہم نے ان دونوں کو | مگر | حق کے ساتھ | لیکن | ان میں سے اکثر | نہیں | علم رکھتے | 44:39

۱۹. اور تم اللہ تعالٰی کے سامنے سرکشی نہ کرو، میں تمہارے پاس کھلی دلیل لانے والا ہوں۔
۲۰. اور میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ تم مجھے سنگسار کر دو۔
۲۱. اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے الگ ہی رہو۔
۲۲. پھر انہوں نے اپنے رب سے دعا کی کہ یہ سب گنہگار لوگ ہیں۔
۲۳. (ہم نے کہہ دیا) کہ راتوں رات تو میرے بندوں کو لے کر نکل، یقیناً تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔
۲۴. تو دریا کو ساکن چھوڑ کر چلا جا بلاشبہ یہ لشکر غرق کر دیا جائے گا۔
۲۵. وہ بہت سے باغات اور چشمے چھوڑ گئے۔
۲۶. اور کھیتیاں اور راحت بخش ٹھکانے۔
۲۷. اور آرام کی چیزیں جن میں عیش کر رہے تھے۔
۲۸. اسی طرح ہوگیا، اور ہم نے ان سب کا وارث دوسری قوم کو بنا دیا۔
۲۹. سو ان پر نہ تو آسمان و زمین روئے اور نہ انہیں مہلت ملی۔
۳۰. اور بیشک ہم نے (ہی) بنی اسرائیل کو (سخت) رسوا کن سزا سے نجات دی۔
۳۱. (جو) فرعون کی طرف سے (ہو رہی) تھی۔ فی الواقع وہ سرکش اور حد سے گزر جانے والوں میں تھا۔
۳۲. ہم نے دانستہ طور پر بنی اسرائیل کو دنیا جہان والوں پر فوقیت دی۔
۳۳. اور ہم نے انہیں ایسی نشانیاں دیں جن میں صریح آزمائش تھی۔
۳۴. یہ لوگ تو یہی کہتے ہیں۔
۳۵. کہ (آخری چیز) یہی ہمارا پہلی بار (دنیا سے) مر جانا اور ہم دوبارہ اٹھائے نہیں جائیں گے۔
۳۶. اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو لے آؤ۔
۳۷. کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا تمہاری قوم کے لوگ اور جو ان سے بھی پہلے تھے ہم نے ان سب کو ہلاک کر دیا یقیناً وہ گنہگار تھے۔
۳۸. ہم نے زمین اور آسمانوں اور ان کے درمیان کی چیزوں کو کھیل کے طور پر پیدا نہیں کیا۔
۳۹. بلکہ ہم نے انہیں درست تدبیر کے ساتھ ہی پیدا کیا ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔

إِنَّ يَوْمَ ٱلْفَصْلِ مِيقَـٰتُهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٤٠﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِى مَوْلًى
بیشک دن فیصلے کا ان کی میعاد ہے سب کی ٤٤:٤٠ جس دن نہ کام آئے گا کوئی عزیز-قریب

عَن مَّوْلًى شَيْـًٔا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٤١﴾ إِلَّا مَن رَّحِمَ ٱللَّهُ
کو عزیز (کو) کچھ بھی اور نہ وہ مددئیے جائیں گے ٤٤:٤١ مگر جس پر رحم فرمائے اللہ

إِنَّهُۥ هُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلرَّحِيمُ ﴿٤٢﴾ إِنَّ شَجَرَتَ ٱلزَّقُّومِ ﴿٤٣﴾ طَعَامُ
وہی یقیناوہ غالب ہے ، رحم فرمانے والا ہے ٤٤:٤٢ بیشک درخت زقوم کا ٤٤:٤٣ کھانا ہے

ٱلْأَثِيمِ ﴿٤٤﴾ كَٱلْمُهْلِ يَغْلِى فِى ٱلْبُطُونِ ﴿٤٥﴾ كَغَلْىِ
گناہ گاروں کا ٤٤:٤٤ گلے ہوئے تانبے کی طرح جوش کھائے گا میں پیٹوں ٤٤:٤٥ کھولنے کی طرح

ٱلْحَمِيمِ ﴿٤٦﴾ خُذُوهُ فَٱعْتِلُوهُ إِلَىٰ سَوَآءِ ٱلْجَحِيمِ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ
گرم پانی ٤٤:٤٦ (کہا جائے گا) پکڑو اس کو پس گھسیٹو اس کو طرف وسط میں جہنم کے ٤٤:٤٧ پھر

صُبُّوا۟ فَوْقَ رَأْسِهِۦ مِنْ عَذَابِ ٱلْحَمِيمِ ﴿٤٨﴾ ذُقْ إِنَّكَ
انڈیل دو اوپر اس کے سر کے سے عذاب کھولتے پانی کے ٤٤:٤٨ (کہا جائے گا) چکھو بیشک تم

أَنتَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْكَرِيمُ ﴿٤٩﴾ إِنَّ هَـٰذَا مَا كُنتُم بِهِۦ تَمْتَرُونَ
تم زبردست تھے ، عزت والے تھے ٤٤:٤٩ بیشک یہ وہ ہے جو تھے تم ساتھ اس کے تم شک کرتے تھے

﴿٥٠﴾ إِنَّ ٱلْمُتَّقِينَ فِى مَقَامٍ أَمِينٍ ﴿٥١﴾ فِى جَنَّـٰتٍ وَعُيُونٍ
٤٤:٥٠ بیشک متقی لوگ میں جگہ امن والی ٤٤:٥١ میں باغوں اور چشموں میں

﴿٥٢﴾ يَلْبَسُونَ مِن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَقَـٰبِلِينَ ﴿٥٣﴾
٤٤:٥٢ پہنیں گے وہ میں سے باریک ریشم اور موٹا ریشم آمنے سامنے بیٹھنے والے ٤٤:٥٣

كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَـٰهُم بِحُورٍ عِينٍ ﴿٥٤﴾ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ
اسی طرح اور بیاہ دیں گے ہم انکو موٹی آنکھوں والی سفید عورتوں سے ٤٤:٥٤ وہ طلب کریں گے اس میں ہر قسم کے

فَـٰكِهَةٍ ءَامِنِينَ ﴿٥٥﴾ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا ٱلْمَوْتَ إِلَّا
پھل امن سے رہنے والے ٤٤:٥٥ نہ وہ چکھیں گے اس میں موت کو مگر

ٱلْمَوْتَةَ ٱلْأُولَىٰ ۖ وَوَقَىٰهُمْ عَذَابَ ٱلْجَحِيمِ ﴿٥٦﴾ فَضْلًا مِّن
موت پہلی اور بچا لے گا ان کو عذاب سے جہنم کے ٤٤:٥٦ فضل کے طور پر سے

رَّبِّكَ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ ﴿٥٧﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَـٰهُ بِلِسَانِكَ
تیرے رب کی طرف یہی وہ کامیابی بڑی ٤٤:٥٧ پس بیشک آسان کردیا ہم نے اس کو تیری زبان پر

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ﴿٥٨﴾ فَٱرْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ ﴿٥٩﴾
شاید کہ وہ نصیحت پکڑیں ٤٤:٥٨ پس انتظار کرو بیشک وہ انتظار کرنے والے ہیں ٤٤:٥٩

٤٥ سُورَةُ الجَاثِيَة ٣٧

٤٠. یقیناً فیصلے کا دن ان سب کا طے شدہ وقت ہے ۔
٤١. اس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ کام بھی نہ آئے گا اور نہ ان کی امداد کی جائے گی ۔
٤٢. مگر جس پر اللہ کی مہربانی ہو جائے وہ زبردست اور رحم کرنے والا ہے ۔
٤٣. بیشک زقوم (تھوہر) کا درخت ۔
٤٤. گنہگار کا کھانا ہے ۔
٤٥. جو مثل تلچھٹ کے ہے اور پیٹ میں کھولتا رہتا ہے ۔
٤٦. تیز گرم پانی کھولنے کی طرح ۔
٤٧. اسے پکڑ لو پھر گھسیٹتے ہوئے بیچ جہنم تک پہنچاؤ ۔
٤٨. پھر اس کے سر پر سخت گرم پانی کا عذاب بہاؤ ۔
٤٩. (اس سے کہا جائے گا) چکھتا جا تو تو بڑا ذی عزت اور بڑے اکرام والا تھا ۔
٥٠. یہی وہ چیز ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے ۔
٥١. بیشک (اللہ سے) ڈرنے والے امن چین کی جگہ میں ہونگے ۔
٥٢. باغوں اور چشموں میں ۔
٥٣. باریک اور ریشم کے لباس پہنے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے ہونگے ۔
٥٤. یہ اسی طرح ہے ، اور ہم بڑی آنکھوں والی حوروں سے ان کا نکاح کر دیں گے ۔
٥٥. دل جمعی کے ساتھ وہاں ہر طرح کے میووں کی فرمائشیں کرتے ہونگے
٥٦. وہاں وہ موت چکھنے کے نہیں ہاں پہلی موت ، (جو وہ مر چکے) انہیں اللہ تعالیٰ نے دوزخ کی سزا سے بچا دیا ۔
٥٧. یہ صرف تیرے رب کا فضل ہے یہی ہے بڑی کامیابی ۔
٥٨. ہم نے اس (قرآن) کو تیری زبان میں آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ۔
٥٩. اب تو منتظر رہ یہ بھی منتظر ہیں ۔

سورۃ الجاثیۃ
مکہ
سورہ نمبر: ٤٥ آیات: ٣٧

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حمٓ ﴿١﴾ تَنزِيلُ ٱلۡكِتَٰبِ مِنَ ٱللَّهِ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَكِيمِ ﴿٢﴾ إِنَّ فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ

ها میم 45:1 نازل کرنا ہے کتاب کا طرف اللہ کی جو زبردست ہے ، حکمت والا ہے 45:2 بیشک میں آسمانوں

وَٱلۡأَرۡضِ لَأٓيَٰتٖ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ ﴿٣﴾ وَفِي خَلۡقِكُمۡ وَمَا يَبُثُّ مِن دَآبَّةٍ ءَايَٰتٞ

اور زمین میں البتہ نشانیاں ہیں ایمان لانے والوں کے لئے 45:3 اور میں تمہاری پیدائش اور جو پھیلا رہا ہے میں سے جانوروں نشانیاں ہیں

لِّقَوۡمٖ يُوقِنُونَ ﴿٤﴾ وَٱخۡتِلَٰفِ ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ وَمَآ أَنزَلَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ

ان لوگوں کے لئے جو یقین رکھتے ہوں 45:4 اور بدلنے میں رات اور دن کے اور جو نازل کیا اللہ نے سے آسمان

مِن رِّزۡقٖ فَأَحۡيَا بِهِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا وَتَصۡرِيفِ ٱلرِّيَٰحِ ءَايَٰتٞ لِّقَوۡمٖ

میں سے رزق پھر اس نے زندہ کیا ساتھ اس کے زمین کو بعد اس کی موت کے اور گردش میں ہواؤں کی نشانیاں ہیں اس قوم کے لئے

يَعۡقِلُونَ ﴿٥﴾ تِلۡكَ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ نَتۡلُوهَا عَلَيۡكَ بِٱلۡحَقِّۖ فَبِأَيِّ حَدِيثِۭ بَعۡدَ

جو عقل رکھتی ہو 45:5 یہ آیات ہیں اللہ کی ہم پڑھتے ہیں ان کو آپ پر حق کے ساتھ تو کس پر بات بعد

ٱللَّهِ وَءَايَٰتِهِۦ يُؤۡمِنُونَ ﴿٦﴾ وَيۡلٞ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٖ ﴿٧﴾ يَسۡمَعُ ءَايَٰتِ

اللہ کے اور اس کی آیات کے وہ ایمان لائیں گے 45:6 ہلاکت ہے واسطے ہر بہت جھوٹے بہت گناہ گار کے 45:7 وہ سنتا ہے آیات کو

ٱللَّهِ تُتۡلَىٰ عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرٗا كَأَن لَّمۡ يَسۡمَعۡهَاۖ فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٖ

اللہ کی پڑھی جاتی ہیں اس پر پھر وہ اڑ جاتا ہے ۔ اصرار کرتا ہے تکبر کرتے ہوئے گویا کہ نہیں اس نے سنا اس کو تو خوش خبری دے دو اس کو عذاب کی دردناک

﴿٨﴾ وَإِذَا عَلِمَ مِنۡ ءَايَٰتِنَا شَيۡـًٔا ٱتَّخَذَهَا هُزُوًاۚ أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٞ

45:8 اور جب وہ جان لیتا ہے میں سے ہماری آیات کوئی چیز بنالیتا ہے اس کو مذاق یہی لوگ ان کے لئے عذاب ہے

مُّهِينٞ ﴿٩﴾ مِّن وَرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُۖ وَلَا يُغۡنِي عَنۡهُم مَّا كَسَبُواْ شَيۡـٔٗا

رسوا کرنے والا ۔ ذلیل کرنے والے 45:9 ان کے آگے جہنم ہے اور نہ کام آئے گا ان کو جو انہوں نے کمایا کچھ بھی

وَلَا مَا ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِ ٱللَّهِ أَوۡلِيَآءَۖ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿١٠﴾ هَٰذَا

اور نہ جو انہوں نے بنالیے سوا اللہ کے سرپرست ۔ مددگار اور ان کے لئے عذاب ہے بڑا 45:10 یہ ہے

هُدٗىۖ وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بِـَٔايَٰتِ رَبِّهِمۡ لَهُمۡ عَذَابٞ مِّن رِّجۡزٍ أَلِيمٌ ﴿١١﴾

ہدایت اور وہ لوگ جنہوں نے انکار کیا آیات کا اپنے رب کی ان کے لئے عذاب ہے سے بے قرار کرنے والے دردناک 45:11

٣/٤ الحزب ٥٠ ۞ ٱللَّهُ ٱلَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ ٱلۡبَحۡرَ لِتَجۡرِيَ ٱلۡفُلۡكُ فِيهِ بِأَمۡرِهِۦ وَلِتَبۡتَغُواْ

اللہ وہ ذات ہے جس نے مسخر کیا تمہارے لئے سمندر کو تاکہ چلیں کشتیاں اس میں اس کے حکم سے اور تاکہ تم تلاش کرو

مِن فَضۡلِهِۦ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ ﴿١٢﴾ وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي

سے اس کے فضل اور تاکہ تم تم شکرادا کرو 45:12 اور اس نے مسخر کیا تمہارے لئے جو کچھ میں ہے آسمانوں اور جو کچھ میں ہے

ٱلۡأَرۡضِ جَمِيعٗا مِّنۡهُۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ يَتَفَكَّرُونَ ﴿١٣﴾

زمین سارے کا سارا اس سے بیشک میں اس البتہ نشانیاں اس قوم کے لئے جو غور و فکر کرتی ہو 45:13

١. حم
٢. یہ کتاب اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے نازل کی ہوئی ہے۔
٣. آسمانوں اور زمین میں ایمان داروں کے لئے یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں۔
٤. اور خود تمہاری پیدائش میں اور ان جانوروں کی پیدائش میں جنہیں وہ پھیلاتا ہے یقین رکھنے والی قوم کے لئے بہت سی نشانیاں ہیں۔
٥. اور رات دن کے بدلنے میں اور جو کچھ روزی اللہ تعالیٰ آسمان سے نازل فرما کر زمین کو اسکی موت کے بعد زندہ کر دیتا ہے (اس میں) اور ہواؤں کے بدلنے میں بھی ان لوگوں کے لئے جو عقل رکھتے ہیں نشانیاں ہیں۔
٦. یہ ہیں اللہ کی آیتیں جنہیں ہم آپ کو حق کے ساتھ سنا رہے ہیں، پس اللہ تعالیٰ اور اس کی آیتوں کے بعد یہ کس بات پر ایمان لائیں گے۔
٧. ‹ویل› اور افسوس ہے ہر ایک جھوٹے گنہگار پر۔
٨. جو آیتیں اللہ کے اپنے سامنے پڑھی جاتی ہوئی سنے پھر بھی غرور کرتا ہوا اس طرح اڑا رہے کہ گویا سنی ہی نہیں تو ایسے لوگوں کو دردناک عذاب کی خبر (پہنچا) دیجئے۔
٩. وہ جب ہماری آیتوں میں سے کسی آیت کی خبر پا لیتا ہے تو اس کی ہنسی اڑاتا ہے، یہی لوگ ہیں جن کے لئے رسوائی کی مار ہے۔
١٠. ان کے پیچھے دوزخ ہے جو کچھ انہوں نے حاصل کیا تھا وہ انہیں کچھ بھی نفع نہ دے گا اور نہ وہ (کچھ کام آئیں گے) جن کو انہوں نے اللہ کے سوا کارساز بنا رکھا تھا ان کے لئے تو بہت بڑا عذاب ہے۔
١١. یہ (سرتاپا) ہدایت ہے اور جن لوگوں نے اپنے رب کی آیتوں کو نہ مانا ان کے لئے بہت سخت دردناک عذاب ہے۔
١٢. اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لئے دریا کو تابع بنا دیا تاکہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شکر بجا لاؤ۔
١٣. اور آسمان و زمین کی ہر ہرچیز کو بھی اس نے اپنی طرف سے تمہارے لئے تابع کر دیا ہے، جو غور کریں یقیناً وہ اس میں بہت سی نشانیاں پا لیں گے۔

قُل لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ يَغۡفِرُواْ لِلَّذِينَ لَا يَرۡجُونَ أَيَّامَ ٱللَّهِ لِيَجۡزِيَ
کہہ دیجئے | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے | درگزر کریں | ان لوگوں کے لئے | نہیں | وہ امید رکھتے | دنوں کی | اللہ کے | تاکہ وہ بدلہ دے

قَوۡمَۢا بِمَا كَانُواْ يَكۡسِبُونَ ١٤ مَنۡ عَمِلَ صَٰلِحٗا فَلِنَفۡسِهِۦۖ
ایک قوم کو | بوجہ اس کے | جو تھے وہ | کمائی کرتے | 45:14 | جس نے | عمل کیے | اچھے | تو اس کی ذات کے لئے

وَمَنۡ أَسَآءَ فَعَلَيۡهَاۖ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُونَ ١٥ وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَا
اور جو | برائی کرتا ہے | تو اسی پر ہے (اس کا ذمہ) | پھر | طرف | اپنے رب کی | تم سب لوٹائے جاؤ گے | 45:15 | اور البتہ تحقیق | دی ہم نے

بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحُكۡمَ وَٱلنُّبُوَّةَ وَرَزَقۡنَٰهُم مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِ
بنی | اسرائیل کو | کتاب | اور علم | اور نبوت | اور رزق دیا ہم نے ان کو | سے | پاکیزہ چیزوں میں (سے)

وَفَضَّلۡنَٰهُمۡ عَلَى ٱلۡعَٰلَمِينَ ١٦ وَءَاتَيۡنَٰهُم بَيِّنَٰتٖ مِّنَ ٱلۡأَمۡرِۖ
اور فضیلت دی ہم نے ان کو | پر | تمام جہانوں | 45:16 | اور دیں ہم نے ان کو | واضح نشانیاں | میں سے | دین

فَمَا ٱخۡتَلَفُوٓاْ إِلَّا مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ ٱلۡعِلۡمُ بَغۡيَۢا بَيۡنَهُمۡۚ إِنَّ رَبَّكَ
تو نہیں | انہوں نے اختلاف کیا | اس کے | بعد | جو | آیا ان کے پاس | علم | بغاوت۔ سرکشی کی وجہ سے | آپس میں | بیشک | رب تیرا

يَقۡضِي بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخۡتَلِفُونَ
فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان | دن | قیامت کے | اس میں سے | جو تھے وہ | جس میں | وہ اختلاف کرتے

١٧ ثُمَّ جَعَلۡنَٰكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٖ مِّنَ ٱلۡأَمۡرِ فَٱتَّبِعۡهَا وَلَا تَتَّبِعۡ
45:17 | پھر | لگایا ہم نے آپ کو | اوپر | ایک طریقے کے۔ شریعت کے | میں سے | دین | پس پیروی کرو اس کی | اور نہ | تم پیروی کرو

أَهۡوَآءَ ٱلَّذِينَ لَا يَعۡلَمُونَ ١٨ إِنَّهُمۡ لَن يُغۡنُواْ عَنكَ مِنَ ٱللَّهِ
خواہشات کی | ان لوگوں کی جو | نہیں | علم رکھتے | 45:18 | بیشک وہ | نہیں | کام آسکتے | تجھ کو | سے | اللہ

شَيۡـٔٗاۚ وَإِنَّ ٱلظَّٰلِمِينَ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَآءُ بَعۡضٖۖ وَٱللَّهُ وَلِيُّ ٱلۡمُتَّقِينَ
کچھ بھی | اور بیشک | ظالم لوگ | ان میں سے بعض | دوست ہیں | بعض کے | اور اللہ | دوست ہے | متقی لوگوں کا

١٩ هَٰذَا بَصَٰٓئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدٗى وَرَحۡمَةٞ لِّقَوۡمٖ يُوقِنُونَ ٢٠
45:19 | یہ | روشن نشانیاں ہیں۔ بصیرت کی روشنیاں ہیں | لوگوں کے لئے | اور ہدایت | اور رحمت | اس قوم کے لئے | جو یقین رکھتی ہو | 45:20

أَمۡ حَسِبَ ٱلَّذِينَ ٱجۡتَرَحُواْ ٱلسَّيِّـَٔاتِ أَن نَّجۡعَلَهُمۡ كَٱلَّذِينَ
یا | خیال کیا | ان لوگوں نے | جنہوں نے کام کیے۔ کمائی کی | برے | کہ | ہم کردیں گے ان کو | ان لوگوں کی طرح

ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ سَوَآءٗ مَّحۡيَاهُمۡ وَمَمَاتُهُمۡۚ سَآءَ
جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کیے | اچھے | برابر ہے | ان کا جینا | اور ان کا مرنا | کتنا برا ہے

مَا يَحۡكُمُونَ ٢١ وَخَلَقَ ٱللَّهُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ بِٱلۡحَقِّ
جو | جو وہ فیصلہ کررہے ہیں | 45:21 | اور پیدا کیا | اللہ نے | آسمانوں کو | اور زمین | ساتھ حق کے

وَلِتُجۡزَىٰ كُلُّ نَفۡسِۭ بِمَا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ ٢٢
اور تاکہ بدلا دیا جائے | ہر | شخص | اس کا | جو اس نے کمایا | اور وہ | نہ | ظلم کیے جائیں گے | 45:22

١٤. آپ ایمان والوں سے کہہ دیں کہ وہ ان لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے دنوں کی توقع نہیں رکھتے، تاکہ اللہ تعالیٰ ایک قوم کو ان کے کرتوتوں کا بدلہ دے۔

١٥. جو نیکی کرے گا وہ اپنے ذاتی بھلے کے لئے اور جو برائی کرے گا اس کا وبال اسی پر ہے، پھر تم سب اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

١٦. یقیناً ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب، علم اور نبوت دی تھی اور ہم نے انہیں پاکیزہ اور نفیس روزیاں دی تھیں اور انہیں دنیا والوں پر فضیلت دی تھی۔

١٧. اور ہم نے انہیں دین کی صاف صاف دلیلیں دیں، پھر انہوں نے اپنے پاس علم کے پہنچ جانے کے بعد آپس کی ضد بحث سے ہی اختلاف برپا کر ڈالا یہ جن جن چیزوں میں اختلاف کر رہے ہیں ان کا فیصلہ قیامت والے دن ان کے درمیان (خود) تیرا رب کرے گا۔

١٨. پھر ہم نے آپ کو دین کی (ظاہر) راہ پر قائم کر دیا سو آپ اس پر لگیں رہیں اور نادانوں کی خواہش کی پیروی میں نہ پڑیں۔

١٩. (یاد رکھیں) کہ یہ لوگ ہرگز اللہ کے سامنے آپ کے کچھ کام نہیں آسکتے (سمجھ لیں کہ) ظالم لوگ آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہوتے ہیں اور پرہیزگاروں کا کارساز اللہ تعالیٰ ہے۔

٢٠. یہ (قرآن) ان لوگوں کے لئے بصیرت کی باتیں اور ہدایت و رحمت ہے اس قوم کے لئے جو یقین رکھتی ہے۔

٢١. کیا ان لوگوں کا جو برے کام کرتے ہیں یہ گمان ہے کہ ہم انہیں ان لوگوں جیسا کر دیں جو ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کا مرنا جینا یکساں ہو جائے، بہت برا ہے وہ فیصلہ وہ جو کر رہے ہیں۔

٢٢. اور آسمانوں اور زمین کو اللہ نے بہت ہی عدل کے ساتھ پیدا کیا ہے اور تاکہ ہر شخص کو اس کے کئے ہوئے کام کا پورا پورا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہ کیا جائے۔

أَفَرَءَيْتَ مَنِ ٱتَّخَذَ إِلَٰهَهُۥ هَوَىٰهُ وَأَضَلَّهُ ٱللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِۦ

کیا پھر تم نے دیکھا | جس نے | بنا لیا | اپنا الٰہ | اپنی خواہش نفس کو | اور بھٹکا دیا اس کو | اللہ نے | باوجود | علم کے | اور مہر لگا دی | پر | اس کے کان

وَقَلْبِهِۦ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِۦ غِشَٰوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِنۢ بَعْدِ ٱللَّهِ ۚ أَفَلَا

اور اس کے دل پر | اور اس نے ڈال دیا | پر | اس کی آنکھ | ایک پردہ | تو کون | ہدایت دے گا اس کو | بعد | اللہ کے | بھلا نہیں

تَذَكَّرُونَ ﴿٢٣﴾ وَقَالُوا۟ مَا هِىَ إِلَّا حَيَاتُنَا ٱلدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ

تم نصیحت پکڑتے | ۴۵:۲۳ | اور انہوں نے کہا | نہیں | ہے یہ | مگر | ہماری زندگی | دنیا کی | ہم مریں گے | اور ہم جئیں گے | اور | ہلاک کرتا ہم کو

إِلَّا ٱلدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُم بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ﴿٢٤﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ

مگر | زمانہ | اور نہیں ان کے لئے | اس کا | کوئی | علم | نہیں | وہ | مگر | وہ گمان کرتے ہیں | ۴۵:۲۴ | اور جب | پڑھی جاتی ہیں

عَلَيْهِمْ ءَايَٰتُنَا بَيِّنَٰتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّآ أَن قَالُوا۟ ٱئْتُوا۟ بِـَٔابَآئِنَآ إِن

ان پر | ہماری آیات - نشانیاں | روشن | نہیں | ہوتی | ان کی حجت | مگر | یہ کہ | وہ کہتے ہیں | لاؤ | ہمارے باپ دادا کو | اگر

كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ﴿٢٥﴾ قُلِ ٱللَّهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَىٰ

ہو تم | سچے | ۴۵:۲۵ | کہہ دیجئے | اللہ | زندہ کرتا ہے تم کو | پھر | موت دے گا تم کو | پھر | جمع کرے گا تم کو | تک

يَوْمِ ٱلْقِيَٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ

دن | قیامت کے | نہیں کوئی شک | اس میں | لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | علم رکھتے | ۴۵:۲۶ | اور اللہ ہی کے لئے ہے | بادشاہت

ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ وَيَوْمَ تَقُومُ ٱلسَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ ٱلْمُبْطِلُونَ ﴿٢٧﴾

آسمانوں کی | اور زمین کی | اور جس دن | قائم ہوگی | قیامت | اس دن | خسارہ پاجائیں گے | باطل پرستوں | ۴۵:۲۷

وَتَرَىٰ كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَىٰٓ إِلَىٰ كِتَٰبِهَا ٱلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ

اور تم دیکھو گے | ہر | امت کو | گھٹنوں پر گری ہوئی - زانووں پر گری ہوئی | ہر | امت | بلائی جائے گی | طرف | اپنے اعمال نامے کے | آج | تم جزا دئیے جاؤ گے | جو | تھے تم

تَعْمَلُونَ ﴿٢٨﴾ هَٰذَا كِتَٰبُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِٱلْحَقِّ ۚ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ

تم عمل کرتے | ۴۵:۲۸ | یہ ہے | کتاب ہماری | بولے گی | تم پر | حق کے ساتھ | بیشک ہم | ہم | لکھواتے تھے

مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٩﴾ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ

جو | تھے تم | تم عمل کرتے | ۴۵:۲۹ | تو رہے | وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | اچھے

فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِى رَحْمَتِهِۦ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْمُبِينُ ﴿٣٠﴾ وَأَمَّا

تو داخل کرے گا ان کو | ان کا رب | میں | اپنی رحمت | یہ ہے | وہ | کامیابی | جو کھلی - صریح ہے | ۴۵:۳۰ | اور ہے

ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ أَفَلَمْ تَكُنْ ءَايَٰتِى تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَٱسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْمًا

وہ لوگ | جنہوں نے کفر کیا | پھر نہ | تھیں | میری آیات | پڑھی جاتیں | تم پر | تو تکبر کیا تم نے | اور تھے تم | لوگ

مُّجْرِمِينَ ﴿٣١﴾ وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ ٱللَّهِ حَقٌّ وَٱلسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا

مجرم | ۴۵:۳۱ | اور جب | کہا جاتا | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اور قیامت | نہیں | کوئی شک | اس میں

قُلْتُم مَّا نَدْرِى مَا ٱلسَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ ﴿٣٢﴾

کہا تم نے | نہیں | ہم جانتے | کیا ہوتی ہے | قیامت | نہیں | ہم سمجھتے | مگر | ایک گمان | اور نہیں ہیں | ہم | یقین کرنے والے | ۴۵:۳۲

۲۳. کیا آپ نے اسے بھی دیکھا ؟ جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنا رکھا ہے اور باوجود سمجھ بوجھ کے اللہ نے اسے گمراہ کر دیا ہے اور اس کے کان اور دل پر مہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر بھی پردہ ڈال دیا ہے اب ایسے شخص کو اللہ کے بعد کون ہدایت دے سکتا ہے کیا اب بھی تم نصیحت نہیں پکڑتے ۔

۲۴. انہوں نے کہا کہ ہماری زندگی تو صرف دنیا کی زندگی ہی ہے ۔ ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہمیں صرف زمانہ ہی مار ڈالتا ہے ، (دراصل) انہیں اس کا علم ہی نہیں یہ تو صرف قیاس آرائیاں ہیں اور اٹکل سے ہی کام لے رہے ہیں ۔

۲۵. اور جب ان کے سامنے ہماری واضح اور روشن آیتوں کی تلاوت کی جاتی ہے تو ان کے پاس اس قول کے سوا کوئی دلیل نہیں ہوتی کہ اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادوں کو لاؤ۔

۲۶. آپ کہہ دیجئے ! اللہ ہی تمہیں زندہ کرتا ہے پھر تمہیں مار ڈالتا ہے پھر تمہیں قیامت کے دن جمع کرے گا جس میں کوئی شک نہیں لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے ۔

۲۷. اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے اور جس دن قیامت قائم ہوگی اس دن اہل باطل بڑے نقصان میں پڑیں گے ۔

۲۸. اور آپ دیکھیں گے کہ ہر امت گھٹنوں کے بل گری ہوئی ہوگی ، ہر گروہ اپنے نامہ اعمال کی طرف بلایا جائے گا آج تمہیں اپنے کئے کا بدلہ دیا جائے گا ۔

۲۹. یہ ہماری کتاب جو تمہارے بارے میں سچ سچ بول رہی ہے ہم تمہارے اعمال لکھواتے جاتے تھے ۔

۳۰. پس لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے تو ان کو ان کا رب اپنی رحمت تلے لے لے گا یہی صریح کامیابی ہے ۔

۳۱. لیکن جن لوگوں نے کفر کیا تو (میں ان سے کہوں گا) کیا میری آیتیں تمہیں سنائی نہیں جاتی تھیں ؟ پھر بھی تم تکبر کرتے رہے اور تم تھے ہی گناہ گار لوگ۔

۳۲. اور جب کبھی کہا جاتا ہے کہ اللہ کا وعدہ یقیناً سچا ہے اور قیامت کے آنے میں کوئی شک نہیں تو تم جواب دیتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا چیز ہے ؟ ہمیں کچھ یوں ہی سا خیال ہو جاتا ہے لیکن ہم یقین کرنے والے نہیں ہیں۔